www.dailypakistanbulletin.pk

کراچی اور ٹھٹھہ سے شائع ہونے والا مقبول اخبار

Daily Pakistan Bulletin Karachi

ABC Certified

روزنامہ

پاکستان بلیٹن

کراچی

چیف ایڈیٹر: سراج احمد

جلد نمبر 11 | پیر 20 اپریل 2026ء بمطابق 02 ذیقعد 1447ھ | شمارہ 265 | قیمت 10 روپے

سہیل آفریدی کا مردان کیلئے 50 ارب کے ترقیاتی پیکیج کا اعلان

ایران امریکا مذاکرات کا کریڈٹ پاکستان کو جاتا ہے

کامیاب جلسے نے بانی کی مقبولیت کو ثابت کردیا ہے، بانی پی ٹی آئی اور ان کی اہلیہ کو اسپتال منتقل کرنے تک احتجاج جاری رکھیں گے

بانی پی ٹی آئی کے حکم پر ہی تحریک چلائیں گے، دن کی روشنی میں جلسہ کیا ہے تاکہ لوگ مقبولیت کو دیکھ لیں، وزیراعلیٰ کے پی سہیل آفریدی

26 یا 27 ویں ترمیم کو مانیں گے نہ ہی 28 ویں ترمیم کو ہونے دیں گے، ناجائز طور پر اقتدار حاصل کرنے والوں کے دن گنے جا چکے، اسد قیصر

مردان (ویب ڈیسک) وزیراعلیٰ خیبرپختونخوا سہیل آفریدی نے مردان کیلیے 50 ارب کے ترقیاتی پیکیج کا اعلان کردیا۔ مردان میں پی ٹی آئی جلسے سے چیئرمین بیرسٹر گوہر، مرکزی رہنما اسد قیصر اور سہیل آفریدی نے خطاب کیا۔ سہیل آفریدی نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی کے حکم پر ہی تحریک چلائیں گے، دن کی روشنی میں جلسہ کیا ہے تاکہ لوگ مقبولیت کو دیکھ لیں۔ انہوں نے کہا کہ کامیاب جلسے نے بانی کی مقبولیت کو ثابت کردیا ہے، مردان کے لیے 50 ارب کے ترقیاتی پیکیج کا اعلان کرتا ہوں۔ وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا نے مزید کہا کہ بانی پی ٹی آئی اور ان کی اہلیہ کو اسپتال منتقل کرنے تک احتجاج جاری رکھیں گے۔ بانی پی ٹی آئی، ان کی اہلیہ اور خاندان کے ساتھ ظلم ہو رہا ہے۔ اسد قیصر نے کہا کہ 26 یا 27 ویں ترمیم کو مانیں گے نہ ہی 28 ویں ترمیم کو ہونے دیں گے، .... بقیہ صفحہ 3 نمبر 30

امریکی صدر

تہران نے معاہدہ نہ کیا تو پورا ملک تباہ کر دیا جائیگا

معاہدہ نہ ہوا تو وہ ایسے اقدامات کرینگے جو 47 برس میں کوئی امریکی صدر نہ کر سکا، ہمارے نمائندے اسلام آباد مذاکرات میں شرکت کیلئے روانہ ہوگئے، آبنائے ہرمز کی بندش سے ایران کو یومیہ تقریباً 50 کروڑ ڈالر کا نقصان ہو رہا ہے

ایران نے فرانس اور برطانیہ کے جہازوں کو نشانہ بنایا ہے، پرامید ہیں کہ فریقین معاہدے کے قریب پہنچ چکے ہیں، ایران کے ساتھ ڈیل دوستانہ یا مشکل، کسی نہ کسی صورت میں ہو کر رہے گی، امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ

واشنگٹن (ویب ڈیسک) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ ان کے نمائندے مذاکرات کے لیے اسلام آباد جا رہے ہیں اور آج پاکستان میں موجود ہوں گے۔ سوشل میڈیا پر جاری بیان میں انہوں نے ایران پر جنگ بندی کی سنگین خلاف ورزی کا الزام عائد کرتے ہوئے کہا کہ وہ پرامید ہیں کہ فریقین معاہدے کے قریب پہنچ چکے ہیں، ایران کے ساتھ ڈیل دوستانہ یا مشکل، کسی نہ کسی صورت میں ہو کر رہے گی اور امریکا نے ایران کو ایک بہت اچھی اور منصفانہ پیشکش دی ہے۔ امریکی صدر نے خبردار کیا کہ اگر معاہدہ نہ ہوا تو وہ ایسے اقدامات کریں گے جو گزشتہ 47 برس میں کوئی امریکی صدر نہ کر سکا، مزید برآں انہوں نے سخت مؤقف اختیار کرتے ہوئے کہا کہ اگر ایران نے ڈیل قبول نہ کی تو اس کے پاور پلانٹس اور پلوں کو نشانہ بنایا جا سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آبنائے ہرمز کی بندش سے ایران کو یومیہ تقریباً 50 کروڑ ڈالر کا نقصان ہو رہا ہے، انہوں نے یہ بھی دعویٰ کیا کہ ایران نے فرانس اور برطانیہ کے جہازوں کو نشانہ بنایا ہے۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ بارک اوباما اور جیسی غلطی نہیں دہرائیں گے۔ ٹرمپ نے فوکس نیوز کو دیے گئے انٹرویو میں کہا کہ ایران کو تنبیہ کی کہ یہ امن معاہدے کیلئے آخری موقع ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایران کے پاس امن معاہدہ .... بقیہ صفحہ 3 نمبر 37

پاکستان کو عالمی سطح پر بھرپور پذیرائی مل رہی ہے، مصطفیٰ کمال

پاکستان خوش قسمت ہے کہ اسے فیلڈ مارشل عاصم منیر جیسی مضبوط قیادت میسر ہے

معرکہ حق کے بعد پاکستان کی عالمی پہچان اور سفارتی حیثیت میں نمایاں اضافہ ہوا ہے

اسلام آباد (اے پی پی) وفاقی وزیر صحت اور ایم کیو ایم پاکستان کے رہنما سید مصطفیٰ کمال نے کہا ہے کہ پاکستان خوش قسمت ہے کہ اسے فیلڈ مارشل عاصم منیر جیسی مضبوط قیادت میسر ہے اور ملک عالمی امور میں ایک فعال ثالث کا کردار ادا کرتے ہوئے اقوام کے درمیان امن کا پل .... بقیہ صفحہ 3 نمبر 39

وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

فضل الرحمن

پاکستان کسی جاگیردار یا بیوروکریٹس کی ملکیت نہیں

ہم لوگ آج بھی مغربی دنیا کے دباؤ میں ہیں، آئین پاکستان کہتا ہے ملک میں قانون سازی قرآن و سنت کے مطابق ہو

کچھ لوگ دنیا میں اپنی زات کیلئے نہیں امت کے لئے ہوتے ہیں، ایسے لوگوں کے چلے جانے سے ایک جہان یتیم ہو جاتا ہے

جب اللہ چاہتا ہے دنیا میں انسان کو لے آتا ہے جب چاہتا ہے واپس بلا لیتا ہے، پاکستان ہمارا گھر ہے ہماری عزت ہے

ختم نبوت کے تحفظ کے لئے ہمارے علما نے قربانیاں دیں، 1974 کی تحریک کا میں خود بھی حصہ رہا ہوں، سیمینار میں گفتگو

لاہور (ویب ڈیسک) سربراہ جے یو آئی مولانا فضل الرحمان نے کہا کہ پاکستان ہمارا گھر اور ہماری عزت ہے یہ کسی جاگیردار یا بیوروکریس کی ملکیت نہیں ہے۔ صوبائی دارالحکومت کے ایوان اقبال میں معروف مزاح نگار اور شاعر سید سلمان گیلانی کی یاد میں سیمینار میں گفتگو کرتے ہوئے مولانا فضل الرحمان کا کہنا تھا کہ آج کی یہ محفل ان کی یاد میں بچی ہے جو ہم میں سے چلے گئے اور بہت دور جا چکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جب اللہ چاہتا ہے دنیا میں انسان کو لے آتا ہے جب چاہتا ہے واپس بلا لیتا ہے، کچھ لوگ دنیا میں اپنی زات کے لئے نہیں ہوتے ہیں وہ لوگ امت کے لئے ہوتے ہیں، ایسے لوگوں کے چلے جانے سے ایک جہان یتیم ہو جاتا ہے۔ سربراہ جے یو آئی کا کہنا تھا کہ سید سلمان گیلانی سب کے تھے، یہ سیمینار ان کی خدمات کے سامنے کچھ بھی نہیں ہے، وہ اپنے .... بقیہ صفحہ 3 نمبر 26

حافظ نعیم الرحمان کا پیٹرول 250 روپے کرنے کا مطالبہ

حکومت کی وصول کردہ 180 ارب روپے کی پیٹرولیم لیوی کا پیٹرول کی اصل قیمت سے تعلق نہیں

امیر و غریب پر ٹیکس کا یکساں بوجھ ڈالنا ظلم کی بدترین شکل ہے، امیر جماعت اسلامی

لاہور (ویب ڈیسک) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمان نے پیٹرول کی قیمت 250 روپے کرنے کا مطالبہ کردیا۔ ایک بیان میں حافظ نعیم الرحمان نے ایک بار پھر پیٹرولیم لیوی ختم کرنے کا اپنا مطالبہ دہرایا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جنگ کے دوران حکومت کی .... بقیہ صفحہ 3 نمبر 32

جماعت اسلامی کے امیر حافظ نعیم الرحمن نے پشاور میں مرکز اسلامی میں عوامی اجتماع سے خطاب کیا



دشمن سمجھتا تھا ایران 2 سے 3 روز میں ہتھیار ڈال دیگا، باقر قالیباف

تہران (ویب ڈیسک) سربراہ ایرانی مذاکراتی وفد اور اسپیکر پارلیمنٹ ڈاکٹر محمد باقر قالیباف نے کہا ہے کہ امریکا نے ناکہ بندی کا اعلان کیا جو ایک بھونڈا اور جاہلانہ فیصلہ ہے، .... بقیہ صفحہ 3 نمبر 45

کراچی: سی ویو کے ساحل پر شہری اونٹ کی سواری سے لطف اندوز ہو رہے ہیں



پاکستان میں ہونے والے مذاکرات خوش آئند ہیں، اسد قیصر

اسلام آباد (ویب ڈیسک) پاکستان تحریک انصاف کے مرکزی رہنما و سابق سپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر نے کہا ہے کہ ہم نے راولپنڈی میں ہونے والا جلسہ مذاکرات کی وجہ سے .... بقیہ صفحہ 3 نمبر 46

اسحاق ڈار کی بیرون ممالک کے وزرا سے اہم ملاقات

پاکستان نے مذاکرات میں سہولت کاری میں اہم کردار ادا کیا ہے، برطانوی وزیر داخلہ

لندن (ویب ڈیسک) برطانوی وزیر داخلہ اور پولینڈ کے نائب وزیراعظم نے پاکستانی نائب وزیراعظم اسحاق ڈار سے ملاقات کی جس میں جنگ بندی میں توسیع اور دیگر امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ برطانوی وزیر داخلہ یوویٹ کوپر نے اسحاق ڈار سے اہم ملاقات کی جس میں جنگ بندی میں توسیع اور آبنائے ہرمز میں جہاز رانی کی بحالی پر بات ہوئی۔ یوویٹ کوپر نے کہا کہ برطانیہ پاکستان کے سفارتی کردار کا معترف ہے۔ پاکستان نے مذاکرات میں سہولت کاری .... بقیہ صفحہ 3 نمبر 29

گورنر سندھ نہال ہاشمی سے حاجی مظفر علی شجرہ کی ملاقات

گورنر سندھ نے آمد پر انکا استقبال کیا، شکریہ ادا کرتے ہوئے نیک خواہشات کا اظہار کیا

ملک کی مجموعی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا، عبدالرزاق شجرہ اور محمد جان شجرہ بھی موجود تھے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) گورنر سندھ نہال ہاشمی صاحب سے سابق صوبائی وزیر و رہنما مسلم لیگ ن سندھ حاجی مظفر علی شجرہ کے ہمراہ فرزند و رہنما مسلم لیگ ن سندھ عبدالرزاق شجرہ اور محمد جان شجرہ کی اہم ملاقات۔ جس میں ملک کی مجموعی صورتحال اور مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا گیا .... بقیہ صفحہ 3 نمبر 38

ایرانی صدر

دشمن اپنے مقاصد حاصل کرنے میں ناکام رہا

ہم کسی ملک پر حملہ کرنے کا ارادہ نہیں رکھتے، ٹرمپ کو حق نہیں کہ وہ کہے ایران اپنے جوہری حقوق سے فائدہ نہیں اٹھا سکتا

ہم اپنے دفاع کا قانونی اور جائز حق استعمال کر رہے ہیں، ہمارا بنیادی مقف خطے میں امن، استحکام اور سلامتی کے تحفظ پر مبنی ہے

ٹرمپ کو کوئی حق نہیں کہ وہ عوام کو اس کے حقوق سے روکے، ہم جنگ بڑھانا نہیں چاہتے، ایرانی صدر مسعود پزشکیان

تہران (ویب ڈیسک) ایران کے صدر مسعود پزشکیان نے کہا ہے کہ ایران کو ایٹمی حق سے محروم کرنیکا صدر ٹرمپ کے پاس کوئی جواز نہیں، ہمارا بنیادی مقف خطے میں امن، استحکام اور سلامتی کے تحفظ پر مبنی ہے۔ ایک بیان میں صدر مسعود پزشکیان کا کہنا ہے کہ ہم کسی ملک پر حملہ کرنے کا ارادہ نہیں رکھتے، ہم اپنے دفاع کا قانونی اور جائز حق استعمال کر رہے ہیں، ہمارا بنیادی .... بقیہ صفحہ 3 نمبر 35

امریکی فوج کی بین الاقوامی پانیوں میں تجارتی جہاز ضبط کرنیکی تیاریاں

مشرق وسطیٰ سے باہر بھی امریکی فوج کی بحری کارروائیوں کا دائرہ وسیع ہو رہا ہے، خبرایجنسی

واشنگٹن (ویب ڈیسک) امریکی فوج آئندہ دنوں میں ایران سے منسلک تیل بردار جہازوں پر چڑھائی کرنے اور بین الاقوامی پانیوں میں تجارتی جہازوں کو ضبط کرنے کی تیاری کر رہی ہے۔ خبرایجنسی کے مطابق مشرق وسطیٰ سے باہر بھی امریکی فوج کی بحری کارروائیوں کا دائرہ وسیع ہو رہا ہے۔ یہ منصوبہ بندی ایسے وقت میں سامنے آئی ہے جب ایرانی فوج آبنائے ہرمز پر اپنی گرفت مزید مضبوط کر رہی ہے اور انہوں نے ہفتے کے روز کئی تجارتی جہازوں پر حملے کیے۔ ایرانی پاسداران .... بقیہ صفحہ 3 نمبر 36

خطے میں امن کیلئے پاکستان نے بھرپور کردار ادا کیا، احسن اقبال

خطے میں امن کیلئے پاکستان نے بھرپور کردار ادا کیا، ٹرمپ نے وزیراعظم اور فیلڈ مارشل کی تعریف کی

معرکہ حق میں پاکستان کو عظیم فتح ملی، مسلح افواج نے بھارتی جارحیت کا منہ توڑ جواب دیا

نارووال (ویب ڈیسک) وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال نے کہا ہے کہ خطے میں امن کیلئے پاکستان نے بھرپور کردار ادا کیا۔ اپنے آبائی حلقے نارووال میں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے احسن اقبال کا کہنا تھا کہ خطے میں کشیدگی کی وجہ سے عالمی سطح پر توانائی کا بحران پیدا .... بقیہ صفحہ 3 نمبر 28

گورنر سندھ نہال ہاشمی سے سابق صوبائی وزیر و رہنما مسلم لیگ (ن) حاجی مظفر علی شجرہ، عبدالرزاق شجرہ اور محمد جان شجرہ کے ہمراہ ملاقات کر رہے ہیں

مذاکرات کا دوسرا دور، سکیورٹی سخت، پبلک ٹرانسپورٹ معطل، ریڈ زون سیل

متبادل ٹریفک پلان جاری کرنے کے ساتھ راولپنڈی اور اسلام آباد میں ہر قسم کی پبلک اور ہیوی ٹرانسپورٹ بھی معطل کردی گئی ہے

ریڈ زون اور توسیعی ریڈ زون ہر قسم کی ٹریفک کے لیے مکمل طور پر بند رہے گا جبکہ کورال سے زیرو پوائنٹ تک ایکسپریس وے بھی بند رکھا جائے گا

اسلام آباد (ویب ڈیسک) اسلام آباد میں ممکنہ مذاکرات کے باعث غیرملکی وفود کی آمد کے پیش نظر جڑواں شہروں میں سکیورٹی انتہائی سخت کر دی گئی ہے، ریڈ زون کو مکمل طور پر سیل کر دیا گیا ہے جبکہ متبادل ٹریفک پلان جاری کرنے کے ساتھ راولپنڈی اور اسلام آباد میں ہر قسم کی پبلک اور ہیوی ٹرانسپورٹ بھی معطل کر دی گئی ہے۔ حکام کے مطابق اسلام آباد میں ریڈ زون اور توسیعی ریڈ زون ہر قسم کی ٹریفک کے لیے مکمل طور پر بند رہے گا جبکہ کورال سے زیرو پوائنٹ تک ایکسپریس وے بھی بند رکھا جائے گا، سری نگر ہائی وے پر بھی مختلف اوقات میں ٹریفک کو روکا جا سکتا ہے۔ اسلام آباد میں کسی بھی سمت سے آنے والی ہر قسم کی ہیوی ٹریفک کے داخلے پر مکمل پابندی عائد کر دی گئی ہے اور مالکان کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ ان دنوں میں شہر کا رخ نہ .... بقیہ صفحہ 3 نمبر 34

بلڈنگس ڈویژن آفس

انجینئر کی من مانی

آفس کو ٹھٹھہ سے حیدرآباد منتقل کر دیا، عوام، ٹھیکیدار پریشان

ٹھٹھہ والا آفس بند ہونے کی وجہ سے ٹھیکیداروں اور عوام کو اپنے کاموں کے سلسلے کئی کئی ہزار روپے بھر کے حیدرآباد جانا پڑ رہا ہے، وقت اور پیسوں کا نقصان ہو رہا ہے

فوری طور پر آفس کو ٹھٹھہ میں بحال کیا جائے، اگر یہ مسئلہ حل نہیں ہوا تو سخت احتجاجی تحریک چلائی جائے گی، نامور ٹھیکیدار محمد امین بروھی و دیگر کا سخت ردعمل

ٹھٹھہ (نمائندہ پاکستان بلیٹن) بلڈنس ڈویژن آفس کے انجینئر کی من مانی آفس کو ٹھٹھہ سے حیدرآباد منتقل کردیا ٹھیکیداروں اور عوام کو سخت مشکلات کا سامنا سخت احتجاجی مظاہرہ کیا گیا، ایگزیکٹو انجینئر XEN عدنان داؤد نے پراونشل بلڈنگس ڈویژن کے آفس کو اپنے سہولت کے لئے ٹھٹھہ سے حیدرآباد جی او آر کالونی منتقل کردیا ہے جسکی وجہ سے ٹھیکیداروں اور عوام کی جانب سے سخت احتجاج کیا گیا ذرائع کے مطابق ٹھٹھہ والا آفس بند ہونے کی وجہ سے ٹھیکیداروں اور عوام کو اپنے کاموں کے سلسلے کئی کئی حزار روپے بھر کے حیدرآباد جانا پڑ رہا ہے جسکی وجہ سے وقت اور پیسوں کا نقصان ہو رہا ہے ٹھٹھہ کے نامور ٹھیکیدار محمد امین بروھی نے اس عمل کو غیر قانونی قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ یہ فیصلہ عوام کے مفاد کے خلاف ہے انہوں نے .... بقیہ صفحہ 3 نمبر 47

اسحاق ڈار کا ایرانی ہم منصب سے رابطہ، مکالمہ اور سفارتی روابط اجاگر کرنے پر زور

اسلام آباد (ویب ڈیسک) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے ایرانی ہم منصب عباس عراقچی سے رابطہ کیا ہے۔ دفتر خارجہ کے ترجمان کے مطابق دونوں رہنماؤں کی ایران امریکا مذاکرات اور علاقائی صورت حال پر گفتگو .... بقیہ صفحہ 3 نمبر 27

آبنائے ہرمز سے گزرنے والا پاکستانی جہاز کراچی پورٹ پہنچ گیا

کراچی (ویب ڈیسک) آبنائے ہرمز سے گزرنے والا پاکستانی جہاز خام تیل لیکر کراچی پورٹ پہنچ گیا ہے۔ نجی ٹی وی کے مطابق شالامار جہاز خام تیل کے ساتھ کراچی .... بقیہ صفحہ 3 نمبر 25

امریکہ- ایران امن مذاکرات کے دوسرے دور کی میزبانی کی تیاری، سیکیورٹی ہائی الرٹ ہے

Daily Pakistan Bulletin Karachi
روزنامہ ABC Certified
پاکستان بلیٹن کراچی
چیف ایڈیٹر: سراج احمد ــــ مینجنگ ایڈیٹر: کاشر مصطفی
پبلشر محمد حنیف نے الآصف پرنٹنگ پریس آئی آئی چندریگر روڈ سے چھپوا کر آفس نمبر 42، تھرڈ فلور، پنڈی کرافٹ بلڈنگ، عبداللہ ہارون روڈ صدر کراچی سے شائع کیا۔
021-35210448
021-36450295
021-35210448
pakistanbulletinkarachi@gmail.com
pakbulletin.786@gmail.com
www.dailyPakistanbulletin.pk

ڈیزل کے نرخوں میں کمی اور پاور سیکٹر کے افسران کی مفت بجلی ختم

وزیراعظم شہباز شریف نے ڈیزل کی قیمت میں 32 روپے 12 پیسے فی لٹر کمی کی منظوری دے دی۔ منظوری کے بعد ڈیزل کی قیمت 385.54 روپے سے کم ہو کر 353.43 روپے فی لٹر ہو گئی۔ وزیر اعظم نے کہا کہ تیل کی قیمتوں میں کمی کے اثرات کو جس قدر جلد ممکن ہو عوام تک پہنچایا جائے گا۔ پٹرول کی قیمت برقرار رکھنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ مٹی کا تیل 21 روپے 34 پیسے فی لٹر سستا کر دیا گیا۔ اوگرا نوٹیفکیشن کے مطابق کمی کے بعد مٹی کے تیل کی نئی قیمت 428 روپے 81 پیسے فی لٹر مقرر کر دی گئی ہے۔ ڈیزل اور مٹی کے تیل کی قیمت میں کمی سے کسی حد تک عوام کو ریلیف ملنے کی توقع ہے، جب کہ عوام کے لیے مزید ریلیف ہائیکورٹ کے فیصلے سے بھی ممکن ہے۔ اس فیصلے کے مطابق توانائی شعبے سے وابستہ ملازمین کے لیے مفت بجلی کی سہولت ختم کر دی گئی ہے۔ وزیر توانائی کا کہنا ہے کہ فری یونٹس کا خاتمہ عوام کا سب سے پرانا اور دیرینہ مطالبہ تھا۔ وفاقی وزیر برائے پاور ڈویژن اویس لغاری نے پاور سیکٹر ملازمین کے فری یونٹس کے خاتمے سے متعلق لاہور ہائیکورٹ کے فیصلے کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ ملکی تاریخ میں پہلی بار وزیراعظم شہباز شریف کی قیادت میں پاور سیکٹر کے اہلکاروں کے فری یونٹس ختم کیے گئے ہیں۔ فری یونٹس کا خاتمہ عوام کا سب سے پرانا اور دیرینہ مطالبہ تھا۔ اس حوالے سے مزید اقدامات کی بھی ضرورت ہے کیونکہ کئی بیوروکریٹس، وزرا، مشیروں اور بڑے بڑے عہدے داروں کو نہ صرف بجلی کے ہزاروں یونٹس فری دیے جاتے ہیں بلکہ ان کیلئے پٹرول اور گیس بھی مفت ہے، جبکہ مزید بھی کئی مراعات موجود ہیں۔ یہ خوش آئند صورت حال ہے کہ امن کی جانب لوٹتی دنیا میں پاکستان کی خوشحالی کے آثار بھی نظر آنے لگے ہیں۔ حکومت غیر ترقیاتی اخراجات میں کمی لائے، اعلی افسران کو ملنے والی مراعات ختم کرے اور پروٹوکول کلچر سے نجات حاصل کرے تو عوام کے لیے مزید ریلیف کے اقدامات اٹھائے جاسکتے ہیں۔ مشرق وسطی میں جنگ کے آغاز کے چار روز بعد ہی بے جا طور پر پٹرول اور ڈیزل کی قیمت میں 55 روپے فی لٹر اضافہ کر دیا گیا۔ اگلے ہفتے پٹرول مزید 137 روپے جبکہ ڈیزل 187 روپے مہنگا کر کے عوام کی قوت خرید کو کاری ضرب لگائی گئی۔ عالمی مارکیٹ میں پٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں کم ہوئیں تو پاکستان میں بھی کمی کی گئی، لیکن عالمی مارکیٹ کے مطابق نہیں بلکہ اس سے کہیں کم۔ پٹرول کی قیمت 192 روپے بڑھائی گئی تھی، اس میں دو مرتبہ کمی کرتے ہوئے 92 روپے کمی کی گئی، جبکہ 100 روپے کا اضافہ اب بھی برقرار ہے۔ مٹی کے تیل اور ڈیزل کی قیمتیں پٹرول کے مقابلے میں زیادہ بڑھائی گئی تھیں، ان میں کمی ضرور کی گئی ہے مگر عالمی مارکیٹ کے مقابلے میں یہ کمی بھی کم ہے۔ پٹرول کی قیمت برقرار رکھنا بھی مناسب نہیں ہے۔ عوام کی اکثریت، خصوصاً مڈل اور لوئر مڈل کلاس، پٹرول کا زیادہ استعمال کرتی ہے۔ حکومت کے پاس پٹرول، مٹی کے تیل اور ڈیزل کی قیمتوں میں مزید کمی کی گنجائش موجود ہے۔ عالمی مارکیٹ کے مطابق پاکستان میں بھی قیمتیں مقرر کر کے عوام کو ریلیف دیا جاسکتا ہے، اور مزید ریلیف اشرافیہ کی بے جا مراعات میں کٹوتی کر کے بھی ممکن ہے۔ پٹرول کی قیمتیں برقرار رکھنے کے بجائے اس میں بھی حکومت کو ضرور کمی کرنی چاہیے۔

پاکستان اقوامِ عالم کی نگاہ کا مرکز

اقوام عالم کی اس وقت نگاہ کا مرکز پاکستان اور اس کا دارالخلافہ اسلام آباد بنا ہوا ہے۔ ایران، امریکہ اور اسرائیل کی جنگ کے بادل منڈلاتے ہوئے ہر طرف آگ بکھیر رہے تھے، تو اس موقع پر پاکستان کے حکمران میاں شہباز شریف، فیلڈ مارشل سید محمد عاصم منیر اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے یہ جنگ بندی کرانے کا بیڑا اٹھایا، جس میں اللہ تعالی کے بے پایاں کرم نے مہربانی کی اور پاکستان کے دارالخلافہ اسلام آباد میں امریکہ اور ایران کے وفود پہنچے اور مذاکرات کا مثبت آغاز ہوا۔ پھر نہ جانے کیا یک امریکی نائب صدر امریکہ واپس چلے گئے اور مذاکرات کا سلسلہ، ان شا اللہ، اسی ہفتے اسلام آباد کے شہر کو یہ سعادت نصیب کرے گا کہ مذاکرات کا دوبارہ آغاز ہو۔

اس سلسلے میں امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ اور ایران کے حکمران بھی باتوں باتوں میں اس بات کی تصدیق کر چکے ہیں کہ اسلام آباد میں ہونے والے مذاکرات حتمی اور فیصلہ کن ہوں گے، کیونکہ دونوں اطراف سے جو پاکستان کے حکمران بات چیت کر کے اطلاع دے رہے ہیں، اس سے امریکہ کو بھی یقین ہے کہ یہ دو طرفہ معاہدہ ہو جائے گا، جبکہ پاکستان کا بچہ بچہ اس معاہدے کی کامیابی کے لیے دعا گو ہے۔

احسان ناز

پاکستان کے بڑے اعلی پائے کے صحافی، وی لاگر اور عقل و دانش کے محور سمجھے جانے والے اشخاص تو اپنی طرف سے معاہدہ کر کے اس پر اپنی اپنی مہر ثبت کر چکے ہیں کہ یہ معاہدہ بس اب آپس میں مل کر دستخط کرنے کی تقریب ہے، باقی سارے معاملات طے پا چکے ہیں۔

پاکستان کے وزیراعظم میاں محمد شہباز شریف اور فیلڈ مارشل سید محمد عاصم منیر کو جو کامیابی اس معاہدے کے سلسلے میں ملی ہے، وہ ان دونوں اشخاص کی دن رات اس معاہدے کو کامیاب کرنے کے لیے فریقین کو راضی کرنا اور فریقین کے ساتھ ساتھ گلف کی ریاستوں کے حکمرانوں کو اس معاہدے کی معاونت کے لیے مطمئن کرنا اہمیت کا حامل ہے۔

گزشتہ روز سے وزیراعظم پاکستان سعودیہ، ترکیہ اور قطر کے مختصر دورے کر کے اسلام آباد میں ہونے والی ٹاکس کو کامیاب بنانے کے لیے سرگرم عمل ہیں۔

وزیراعظم کا قطر، سعودی عرب اور ترکیہ میں والہانہ استقبال اس چیز کی غمازی ہے کہ ہمارے یہ برادر ملک پاکستان کی جدوجہد کو سراہ رہے ہیں، اور اسی طرح فیلڈ مارشل سید محمد عاصم منیر کا ایک ہی وقت میں دورہ ایران اور وہاں پر ایران کے صدر اور پاسداران انقلاب کی قیادت سے ملاقاتیں ایران کے عوام کے دل موہ رہی ہیں۔

ابھی جب میں یہ تحریر لکھ رہا ہوں تو وزیراعظم پاکستان اور فیلڈ مارشل سید محمد عاصم منیر صاحب بیرون ممالک کے دوروں پر ہیں، جبکہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے امریکہ کے مختلف شہروں میں پھر وزیراعظم پاکستان میاں محمد شہباز شریف اور فیلڈ مارشل سید محمد عاصم منیر کا نام لے کر کہا ہے کہ دنیا میں امن کے لیے یہ دونوں نام اقوام عالم میں گونج رہے ہیں، اور اس سے توقع کی جا رہی ہے کہ ایران اور امریکہ کے درمیان اسی ہفتے ہونے والے مذاکرات کامیاب ہوں گے۔

اسلام آباد کو جو دونوں ممالک کے حکمرانوں نے محفوظ اور مذاکرات کے لیے موزوں جگہ قرار دیا ہے، یہ پاکستان پر دنیا کا اعتماد ہے۔ میرا خیال ہے کہ ان مذاکرات میں سعودی عرب، ترکیہ، مصر، قطر اور دیگر گلف ممالک کے سربراہان کو بھی معاہدے کے موقع پر اسلام آباد تشریف لانے کی دعوت دی جائے گی، اور یہ بھی ممکن ہے کہ چین، روس اور شمالی کوریا کے حکمرانوں کو بھی اس موقع پر بطور گواہ دعوت دی جائے، تو یہ معاہدہ اقوام عالم کا سپر معاہدہ ہوگا۔

اسلام آباد کے نام پر ہونے والے اس معاہدے سے جو اقوام عالم میں معاشی طور پر ثمرات حاصل ہوں گے، اس کی نظیر پہلے ہونے والے معاہدوں میں نہیں ملتی۔ پاکستان کے عوام، افواج پاکستان اور حکومت ایران امریکہ معاہدے میں سو فیصد ساتھ ہیں، اور سب کی دعا اور خواہش ہے کہ یہ معاہدہ امن کا پیامبر بن کر اسلام آباد کی سرزمین پر ایسا رقم ہو کہ پھر دوبارہ اقوام عالم میں کسی بھی جگہ کوئی ملک کسی پر جارحیت کر کے اسے نیچا دکھانے کی کوشش نہ کرے۔

اس موقع پر میں امریکہ کو واضح کرنا چاہتا ہوں کہ اقوام عالم میں جتنے بھی ممالک ہیں وہ خودمختار ہیں، وہ اپنے دفاع کے لیے جو بھی انتظامات کریں، کسی کو اعتراض نہیں ہونا چاہیے۔ اب امریکہ کے پاس ایٹم بم ہے تو کون ان کے خلاف اعتراض کرتا ہے، لیکن جب ایران کی باری آتی ہے اور ایران کہتا ہے کہ میں جوہری توانائی کو میڈیسن، بجلی اور دیگر ترقیاتی کاموں کے لیے استعمال کروں گا، ایٹمی ہتھیار نہیں بناؤں گا، تو اس پر بمباری کردی جاتی ہے، اس پر پابندیاں لگا دی جاتی ہیں، اسے تیل نہیں بیچنے دیا جاتا، تو یہ سراسر زیادتی ہے۔

اگر اس کے باوجود پاکستان اپنا کردار ادا کر رہا ہے اور، ان شا اللہ، پاکستان سرخرو ہوگا، تو پاکستانی قوم، جو کہ زندہ دل قوم ہے، نعرہ تکبیر اور نعرہ رسالت لگاتے ہوئے اس کامیاب معاہدے پر اللہ اور اللہ کے رسول کا شکر ادا کرنے کے لیے شکرانے کے نوافل ادا کرے گی۔ جس دن یہ معاہدہ ہوگا، اس دن قوم یوم تشکر منائے گی۔

اور پھر، ان شا اللہ، ہر سال امریکہ ایران معاہدے کی تقریب سالانہ منائی جائے گی، جس میں اس معاہدے کی کامیابی کے لیے دعائیں مانگی جائیں گی، اور اقوام عالم کے ساتھ ساتھ عالم اسلام کو بھی سبق سیکھنا چاہیے کہ کوئی جنگ کسی مسئلے کا حل نہیں ہے۔ جنگیں جتنی بڑی لڑ بھی لی جائیں، آخرکار اسی طرح مذاکرات کی میز پر آنا پڑتا ہے، جیسے کہ اب امریکہ اور ایران پاکستان کی میڈی ایشن میں ایک ٹیبل پر بیٹھ رہے ہیں، تو یہی مسائل کا حل ہے۔

آئندہ تمام اقوام عالم کے ممالک بھی آپس میں بیٹھ کر ایک معاہدہ کریں کہ ہم نے آپس میں جنگ نہیں کرنی، جو بھی تنازعات ہیں وہ ہم مل بیٹھ کر حل کریں گے۔ اور اس میں خاص طور پر ہندوستان کو، جو کہ پاکستان کو دہشت گرد ملک قرار دیتا ہے، سبق سیکھنا چاہیے۔ اب اسی ملک کے دارالحکومت اسلام آباد میں اتنی اعلی سطح کی میڈی ایشن امریکہ اور ایران کی کرائی گئی ہے، جس سے ہندوستان کو شرم آنی چاہیے کہ وہ پاکستان کو دہشت گرد ملک کہتا ہے۔

اب چاہیے کہ ہندوستان پاکستان کے ساتھ بیٹھ کر ٹیبل پر مسئلہ کشمیر کو حل کرے، پانی کے مسائل حل کرے، اور دیگر مسائل جو کہ متنازع ہیں وہ بھی دونوں حکومتیں مل بیٹھ کر حل کریں، کیونکہ جنگ کسی بھی مسئلے کا حل نہیں ہے۔

پٹرول مہنگا، لوکل مسافر ٹرانسپورٹ فری

موجودہ دور میں ساری قوم اور ہم سمجھتے رہے کہ شاید اس دنیا سے، احساس بالکل ختم ہو گیا ہے، ایسے حالات سے متعلقہ کچھ عرصہ قبل ہمارا ایک کالم جس کا عنوان تھا فاتحہ پڑھ لیں مر گیا احساس۔ اس کالم میں احساس کے مرجانے سے متعلق بتایا گیا تھا، اس وقت ہم سب پر ایک ایسا وقت چل رہا ہے۔ جس میں تقریبا ہر دوسرا شخص کسی نہ کسی پریشانی میں گرفتار ہے، جسے دیکھو وہ پریشان ہے کسی کے پاس رزق نہ ہونے کا دکھ ہے اور کسی کے پاس اتنا رزق ہے کہ اسے یہ سمجھ نہیں آتی کہ اسے کہاں خرچ کروں، اور کوئی اس پریشانی میں ہے کہ اس کے پاس خرچ کرنے کے لیے ہے ہی کچھ نہیں، بلکہ یوں بھی کہا جا سکتا ہے کہ صبح کی کھائی ہے شام کا پتہ نہیں کہاں سے کھائیں گے، کسی کو گھریلو پریشانی ہے کسی کو کاروباری پریشانی ہے کسی کا روزگار نہیں ہے اگر ہے تو، اخراجات زیادہ ہیں آمدن کم ہے اس طرح کے دیگر بے شمار مسائل میں ہم سب گھرے ہوئے ہیں۔ کبھی کبھی ہم کسی کے لئے اتنے خاص نہیں رہتے جتنا ہمیں ظاہر کیا جاتا تھا، میرا ماننا ہے یہ ممکن ہی نہیں آپ نے کسی سے بے حد لگا سے وقت اور محبت کی ہو وہ آپ کو بھول جائے، کسی نہ کسی مقام پر جب اس شخص کو اسی کی طرح کا شخص ملے گا یقیناً اس کی آنکھوں سے نکلنے والے پانی میں آپ کی محبت کا گہرا احساس ضرور بہے گا۔ بہرحال ہر حال میں مالک کائنات کی رضا پر ہمیشہ خوش رہنا چاہیے، اس نے اس دنیا میں جو تقسیم کر رکھی ہے، اس پر انسان کو وقتی طور پر محسوس ہوتا ہے۔ مگر جب وقت گزر جاتا ہے۔ تو پھر یہی ناخوش انسان کہتا ہے کہ ماضی میں میری سوچ غلط تھی ایک بات اور یاد رکھیں جب انسان کے اندر احساس مکمل طور پر ختم ہو جاتا ہے تو پھر اس میں جھوٹ فریب منافقت کرپشن ہر طرح کی لوٹ مار آ تا شروع ہو جاتی ہے۔ یہاں پر ایک بات اور بھی کرنا چاہوں گا کہ انسان حالات کے ہاتھوں کتنا بھی ڈگمگا جائے اور ایسے وقت میں احساس کا کچھ حصہ بھی باقی رہ جائے تو وہ ایک دوسرے کی پریشانی اور دکھ کو سمجھ لیتا ہے۔ جیسے آج کے مہنگے ترین دور میں اگر کسی نے غریبوں پر ترس کھایا ہے تو وہ ہے مریم نواز شریف صاحبہ جنہوں نے اپنے دو سالہ عرصے کے دوران

گلزار ملک

غریبوں کو ریلیف دینے کا بھرپور فریضہ انجام دیا ہے اسے یہ عوام کبھی فراموش نہیں کرسکتی۔

اب آتے ہیں اصل مقصد کی طرف، وزیراعلی پنجاب مریم نواز شریف صاحبہ نے گزشتہ دو سال کے دوران عوامی مفاد میں ہونے والے ترقیاتی کاموں اور دیگر فیصلوں کو، جس محبت اور دلیری کے ساتھ اقدامات کیے ہیں ان کے یہ اقدامات تاریخ کے اوراق میں ہمیشہ زندہ رہیں گے اور اس لحاظ سے بھی کہ آپ پاکستان کی تاریخ کی سب سے پہلی پنجاب کی خاتون وزیراعلی ہیں، جنہوں نے اچھے اقدامات کی وجہ سے تاریخ کے اوراق میں اپنا نام لکھوانے میں بھرپور کام کیا ہے۔ یہ ہمیشہ اچھے کاموں کی وجہ سے لوگوں کے دلوں پر راج کرے گی۔

مگر وزیراعلی پنجاب مریم نواز کے "غریب کے احساس" کے حوالے سے عوامی اور سیاسی حلقوں میں ملے جلے تاثرات پائے جاتے ہیں۔ سرکاری سطح پر ان کے اقدامات کو عوام دوست قرار دیا جاتا ہے، جبکہ ناقدین موجودہ مہنگائی پر تنقید کرتے ہیں۔ اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ ان کے سارے اقدامات اچھے ہیں، لیکن یہاں ہم یہ ضرور کہیں گے کہ جہاں پر انہوں نے غریب عوام کو ریلیف فراہم کیا ہے اگر ساتھ ہی وہاں پر مہنگائی پیدا کرنے والے مافیا کا سر بھی کچل دیتے تو کتنا اچھا ہوتا اگر یہ حکومت مہنگائی کو ختم کرنے میں مافیا کا خاتمہ کر دیتی، اور اگر اس مہنگائی کا خاتمہ کر کے اس مہنگائی کے بڑھتے ہوئے گراف کو یہ نیچے لے آئیں تو یقین جانیں اس حکومت کا نام تاریخ کے اوراق میں سنہری حروف میں لکھا جائے گا، اگر ہو سکے تو یہ نام لکھوا لیں اور غریبوں کی دعائیں لے لیں ہم تو یہاں پر یہ کہیں گے کہ ایسی دعائیں لینے سے انہیں تاخیر نہیں کرنی چاہیے۔ حال ہی میں پٹرول کی قیمت آسمان سے باتیں کرنے لگی ہے جو کہ غریب کی ضرورت سے بہت زیادہ مہنگا ہو گیا ہے جس پر پنجاب کی وزیراعلی مریم نواز شریف صاحبہ نے غریب عوام کو ریلیف دینے کے لیے لاہور قصور چونکی اور دیگر جگہوں پر پبلک ٹرانسپورٹ کو فری کر دیا ہے۔ جب ہمیں پتہ چلا ہمیں یقین نہیں آ رہا تھا پھر ہم نے خود اورنج ٹرین میں اور لاہور کی لوکل مسافر ٹرانسپورٹ میں خود فری سفر کر کے دیکھا یہ بات ایسے ہی ہے، یہ سلسلہ پانچ اپریل سے جاری ہے یہاں پر وزیراعلی پنجاب مریم نواز شریف صاحبہ زبردست خراج تحسین کی مستحق ہیں جس پر مخالفین بھی دیکھ کر حیران ہیں۔ مگر کہا جاتا ہے کہ اچھا کام اور اچھی بات پر مخالف کی تعریف کا مطلب یہ ہے کہ انسان کا رویہ ذاتی دشمنی سے بالاتر ہو کر حق اور انصاف پر مبنی ہو۔ یہ اصول اخلاقی بلندی اور بہادری کی علامت سمجھا جاتا ہے۔ اگر دشمن بھی کوئی صحیح کام یا اچھی بات کرے، تو اس کا اعتراف کیا جانا چاہیے، کیونکہ بات ذاتیات کی نہیں بلکہ صحیح اور غلط کی ہے۔ اور تعریف وہ ہے جو دشمن بھی کرے اور بہادری وہ ہے جو دشمن بھی تسلیم کرے، بہترین انسان وہ ہے جس میں دشمن کے اچھے کاموں کی تعریف کرنے کے ساتھ ساتھ دوستوں کے برے کاموں سے کھل کر اختلاف کرنے کی ہمت بھی ہو۔ بہرحال حق کی بات دشمن کے منہ سے بھی سنی جائے اور اچھے کام کی تعریف کی جائے، یہ ظرف اور انصاف کا تقاضا ہے۔

صدی کا سب سے بڑا معاہدہ

میں نے گزشتہ دنوں جب سات اپریل کو فیلڈ مارشل جنرل سید عاصم منیر اور پاکستان کی سفارتی کوششوں پر تجزیہ پیش کیا تھا کہ ایران اور امریکہ کے درمیان جلد جنگ بندی ہو جائے گی تو مجھ پر تنقید کے تیر برسائے گئے اور لوگوں نے کہا کہ یہ محض خیالی باتیں ہیں پھر میں نے نو اپریل کو نیا سفارتی مرکز کے عنوان سے اپنی ذاتی رائے دی کہ اسلام آباد آنے والے دنوں میں علاقائی سفارت کاری کا مرکز بن جائے گا تو اسے سراہا گیا پھر میں نے بارہ اپریل کو مذاکرات کا دوسرا مرحلہ کے عنوان سے کالم لکھا تو پھر وہی ردعمل ملا کہ یہ ناممکن اور غیر حقیقی ہے آج زمینی حقائق سب کے سامنے ہیں آج میں ایک اور ذاتی تجزیہ پیش کر رہا ہوں بغیر کسی جذباتی وابستگی یا خوشامد کے۔

میں اپنے تجزیے میں یہ واضح کر رہا ہوں کہ بہت جلد اسلام آباد میں ایک ایسا معاہدہ ہونے جا رہا ہے جسے آنے والی تاریخ صدی کا سب سے بڑا معاہدہ قرار دے گی اس معاہدے میں امریکہ اور ایران کے درمیان مستقل جنگ بندی کی شرائط طے ہوں گی اور اس کا نام اسلام آباد معاہدہ رکھا جا رہا ہے اس میں شرکت کے لیے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ، ایرانی صدر مسعود پزشکیان، چینی وزیراعظم، سعودی ولی عہد محمد بن سلمان، اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل، ترک صدر اردوان، امیر قطر، مصری صدر اور برطانوی وزیراعظم سمیت متعدد رہنماؤں کی آمد متوقع ہے یہ پہلا موقع ہوگا جب تہران اور واشنگٹن ایک غیر جانبدار دارالحکومت میں اس سطح کا معاہدہ کریں گے میرا ماننا ہے کہ اس معاہدے کے ذریعے پاکستان نہ صرف ایک ثالث کا کردار ادا کرے گا بلکہ ایک مستقل سفارتی محور کی حیثیت اختیار کرے گا۔

میں فیلڈ مارشل جنرل سید عاصم منیر کے کردار کا جائزہ لیتے ہوئے کسی بھی قسم کی بے جا تعریف سے گریز کرتا ہوں لیکن حقائق یہ ہیں کہ ان کا تہران کا حالیہ دورہ اور اعلی ترین ایرانی قیادت سے ملاقاتیں کو عالمی سطح پر سہرا جا رہا ہے انہوں نے جو سفارتی حکمت عملی اپنائی ہے وہ خالصتاً عملی ہے نہ کہ علامتی۔ وہ محض فوجی قیادت نہیں بلکہ اس وقت خطے میں امن کے استعارہ کے طور پر دیکھے جا رہے ہیں تاہم میں یہ ضرور کہوں گا کہ یہ استعارہ ان کی ذاتی شخصیت سے زیادہ پاکستان کی ریاستی ضرورت کا عکاس ہے ان کی جرات اور جنگ بندی کے لیے مسلسل سفارتی کوششوں نے دونوں فریقین کو مذاکرات کی میز پر لانے میں کلیدی کردار ادا کیا ہے۔

وزیراعظم پاکستان میاں محمد شہباز شریف کے

شاہ نواز سیال

ہنگامی دوروں نے یہ ثابت کیا ہے کہ پاکستان نے اپنی غیر جانبداری کو برقرار رکھتے ہوئے دونوں طرف سے اعتماد حاصل کر لیا ہے وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے اپنی تجربہ کار ٹیم کے ذریعے ایک ایسا سفارتی راستہ تیار کیا ہے، جس میں نہ ایران کو امریکی دباؤ محسوس ہوا اور نہ امریکہ کو ایرانی شرائط سے خطرہ لگا میں یہ سمجھتا ہوں کہ ان کی حکمت عملی کا سب سے بڑا اثاثہ خاموش سفارت کاری تھی یہی وجہ ہے کہ آج اسلام آباد کو اس معاہدے کی میزبانی کا اعزاز مل رہا ہے۔

میں دوست ممالک کے اعتماد کا ذکر کرتے ہوئے کسی جذباتیت کا شکار نہیں ہوں حقیقت یہ ہے کہ چین، سعودی عرب، ترکیہ، قطر اور مصر نے پاکستان پر اعتماد کیا ہے سعودی ولی عہد محمد بن سلمان کی آمد اس لیے اہم ہے کہ ایران کے ساتھ سعودی مفاہمت میں پاکستان نے ثالثی کی ہے ترکیہ کے صدر اردوان اس لیے آرہے ہیں کہ پاکستان اور ترکیہ کے تعلقات فوجی و سفارتی سطح پر انتہائی مضبوط ہیں قطر اور مصر دونوں ہی ایران سے متعلق اپنے مفادات کے تحفظ کے لیے پاکستان پر بھروسہ کرتے ہیں۔

چینی وزیراعظم کی اسلام آباد آمد محض دوستی کا اظہار نہیں بلکہ چین دنیا میں امن کا خواہاں ہے چین نہیں چاہتا کہ امریکہ اور ایران کے درمیان جنگ اس کی سی پیک اور بندرگاہوں کو متاثر کرے۔

میں اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل کی اسلام آباد آمد کو اہم سمجھتا ہوں لیکن اسے کسی تاریخی اعزاز سے تعبیر کرنے کے بجائے ایک عملی حقیقت کے طور پر دیکھتا ہوں اقوام متحدہ نے پاکستان کے سفارتی کردار کی تعریف ہے کیونکہ پاکستان واحد ملک ہے جو بیک وقت امریکہ، ایران، چین اور سعودی عرب سے قابل قبول تعلقات رکھتا ہے یہ پاکستان کی خوبی ہے لیکن یہ بھی پاکستان پر ایک بڑی ذمہ داری عائد کرتا ہے میں یہ نہیں کہہ رہا کہ اقوام متحدہ نے پاکستان کو دنیا کا سفارتی مرکز قرار دے دیا ہے بلکہ یہ کہ موجودہ بحران کے حل کے لیے پاکستان ایک عملی پلیٹ فارم ہے۔

میں پاکستان کی سفارتی تاریخ کا جائزہ لیتے ہوئے کہنا چاہتا ہوں کہ اتنی بڑی عالمی شخصیات ایک ساتھ پاکستان میں پہلے کبھی نہیں آئیں پاکستان کو ماضی میں ثالثی کے مواقع ملے ہوں گے مگر وہ انہیں طویل مدتی پالیسی میں تبدیل نہ کر سکا اس بار فرق یہ ہے کہ فیلڈ مارشل جنرل سید عاصم منیر، وزیراعظم اور وزیر خارجہ کی ٹیم نے اس موقع کو اسٹریٹجک شفٹ میں بدل دیا ہے۔

میں اپنے اس تجزیے کے آخر میں یہ پیش گوئی کرتا ہوں کہ اگر یہ معاہدہ طے پاتا ہے تو پوری دنیا پاکستان کے امن کے کردار کو تسلیم کرے گی لیکن یہ تسلیم شدگی پائیدار ہوگی صرف اس صورت میں جب پاکستان اپنی معیشت اور اندرونی استحکام کو بہتر بنائے گا بصورت دیگر یہ سفارتی کامیابی بھی وقتی ہوگی

پاکستان نے اپنے جغرافیائی مقام اور موجودہ عالمی طاقت کے توازن کو سمجھتے ہوئے ایک بہترین سفارتی کاری کی ہے۔

امریکہ اور ایران کے درمیان مستقل جنگ بندی کا اسلام آباد معاہدہ پاکستان کے لیے ایک نیا سفارتی سطح پر باب کھولے گا لیکن میں قارئین کو خبردار کرتا ہوں کہ سفارت کاری میں کوئی چیز مستقل نہیں ہوتی آج کا دوست کل کی شرائط بدل سکتا ہے پھر بھی موجودہ زمینی حقائق کے مطابق میں اپنے اس موقف پر قائم ہوں جو میں نے سات، نو اور بارہ اپریل کو پیش کیا تھا کہ پاکستان اب ایک علاقائی ثالث سے عالمی ثالث بن چکا ہے اور اس کا ثبوت آنے والے دنوں میں سب دیکھ لیں گے۔

شہر قائد

اہلیان یوسی چشمہ الیاس گوٹھ ابراہیم حیدری ملیر کے رہائشی اپنے مطالبات کے حق میں احتجاج کررہے ہیں

قیمتوں میں کمی کا فائدہ نہ دینا کھلی ناانصافی ہے، بلال عباس قادری

عوام کو ریلیف دینے کے دعوے صرف بیانات تک محدود ہو کر رہ گئے ہیں

کراچی (پ۔ر) پاکستان سنی تحریک کے مرکزی صدر صاحبزادہ علامہ بلال عباس قادری نے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں نمایاں کمی کے باوجود ٹرانسپورٹ کے کرایوں اور اشیائے خورد و نوش کی قیمتوں میں کمی نہ ہونے پر اپنے جاری بیان میں کہا کہ یہ صورتحال حکومتی رٹ پر ایک بڑا سوالیہ نشان ہے۔ عوام کو ریلیف دینے کے دعوے صرف بیانات تک محدود ہو کر رہ گئے ہیں جبکہ زمینی حقائق اس کے برعکس ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جب پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی آتی ہے تو اس کا براہ راست اثر ٹرانسپورٹ اور روزمرہ اشیا کی قیمتوں پر پڑنا چاہیے، مگر بدقسمتی سے ایسا نہیں ہو رہا۔ ٹرانسپورٹرز کھلے عام من مانے کرائے وصول کر رہے ہیں اور انتظامیہ خاموش تماشائی بنی ہوئی ہے۔ اسی طرح دکاندار اور ذخیرہ اندوز عناصر بھی اشیائے ضروریہ کی قیمتیں کم کرنے کے بجائے عوام کا استحصال کر رہے ہیں۔

ملک میں تعلیمی نظام کی مضبوطی میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں، میاں محمد مقصود

کراچی (پ۔ر) الفاء فاؤنڈیشن آف ہیومن رائٹس انٹرنیشنل کے چیئرمین میاں محمد مقصود نے کہا ہے کہ پرائیویٹ تعلیمی ادارے ملک میں تعلیمی نظام کی مضبوطی میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں، تاہم موجودہ حالات میں یہ ادارے مختلف مالی، انتظامی اور پالیسی سے متعلق مسائل کا سامنا کر رہے ہیں، جن کے فوری حل کی ضرورت ہے۔ یہ بات انہوں نے اسکول سربراہان کے ایک وفد سے ملاقات کے دوران کہی۔ ملاقات میں پرائیویٹ اسکولوں کو درپیش مسائل، تعلیمی معیار کی بہتری، اساتذہ کی تربیت، فیسوں کے نظام اور حکومتی پالیسیوں پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ میاں محمد مقصود نے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پرائیویٹ اسکول نہ صرف لاکھوں طلبہ کو تعلیم فراہم کر رہے ہیں بلکہ سرکاری تعلیمی نظام کے بوجھ کو بھی کم کر رہے ہیں، اس لیے ان اداروں کو درپیش مسائل کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ انہوں نے کہا کہ بڑھتی ہوئی مہنگائی، بجلی اور دیگر اخراجات میں اضافے اور فیسوں پر دباؤ نے اسکولوں کے انتظامی ڈھانچے کو متاثر کیا ہے۔

کراچی کو صوبہ بنانے-وفاق کے حوالے کرنے کا الگ معاملہ ہے، وجیہ الدین

شہر کی نمائندگی تمام بلدیاتی-صوبائی-وفاقی اداروں میں ہونی چاہیے

کراچی (پ۔ر) عام لوگ اتحاد کے رہنما جسٹس (ر) وجیہ الدین نے کہا ہے کہ کراچی کو صوبہ بنانے یا وفاق کے حوالے کرنے کی سعی سے مسائل حل نہیں ہوں گے۔ اہل کراچی کی نمائندگی بلدیاتی، صوبائی اور وفاقی اداروں میں ہونی چاہیے۔ کیونکہ ان اداروں میں شہر اور یہاں کے لوگوں کے فیصلے ہوتے ہیں۔ سرکاری بھرتیاں صرف اہلیت کی بنیاد پر ہونی چاہئیں۔ فکر کراچی نشست کے موقع پر میڈیا سے گفتگو میں ان کا کہنا تھا کہ کراچی کے معاملے پر بھی آل پارٹیز کانفرنس نہیں بلائی گئی اور کوئی نشست ہوئی بھی تو اسے منطقی نتیجے تک نہیں پہنچایا گیا۔ کراچی کیلئے قربانیاں دینے والے لوگوں کو کبھی ایک پلیٹ فارم پر اکٹھا نہیں کیا گیا۔ ذاتی مفاد کے بجائے ایسے لوگوں کو آگے لانا چاہیے جو شہر کے لیے قربانی دینے والے ہیں۔ جب تک اداروں میں کراچی کی نمائندگی نہیں ہوگی، اس شہر کے حق میں فیصلے نہیں ہو سکتے۔ انہوں نے مزید کہا کہ وہ زمانہ گزر گیا جب یہ کہا جاتا تھا کہ کراچی مہاجروں کا شہر ہے۔ اب کراچی میں مہاجروں کی اکثریت نہیں بلکہ ایک مکس پاپولیشن ہے۔ یہاں تمام قوموں کے لوگ بستے ہیں۔ سب کو مل کر چلنا چاہیے اور مسائل کا ادراک ہونا چاہیے۔ جب تک کراچی کے تمام رہنے والے مل کر شہر کی نمائندگی نہیں کریں گے مسائل کا حل نہیں نکل سکے گا۔ حل فیصلہ ساز اداروں میں پہنچ کر ہی نکل سکتا ہے۔ لوگ نہیں مانتے کہ کراچی کی آبادی تین کروڑ تک پہنچ چکی ہے۔ مردم شماری کو بھی چیلنج کیا جاتا ہے۔۔ مردم شماری شفاف اور غیر متنازع ہونی چاہیے۔۔ دنیا میں اتنی آبادی والا کوئی شہر نہیں جہاں پانی تک نلکوں سے نہیں آتا۔

عوام بنیادی مسائل کا شکار، حکام فوری نوٹس لیں، سلیم خان قادری

کیا پاکستان بنانے کی سزا آج بانیان پاکستان کی اولادوں کو دی جا رہی ہے؟، میلاد الائنس

کراچی (پ۔ر) کراچی کے عوام شدید بنیادی مسائل میں گھرے ہوئے ہیں اور متعلقہ اداروں کی جانب سے خاطر خواہ توجہ نہ ملنے پر شہریوں میں تشویش پائی جا رہی ہے۔ ان خیالات کا اظہار اہلسنت حنفی بریلوی مساجد کی انتظامی کمیٹیوں کے اکابرین اور میلاد شریف کے اہتمام سے وابستہ نمائندہ تنظیمات و شخصیات پر مشتمل مرکزی میلاد الائنس پاکستان کے بانی و چیف آرگنائزر، مرکزی انجمن سیرت النبی گلبہار رجسٹرڈ کے تاحیات چیئرمین اور ممتاز قومی سماجی رہنما محمد سلیم خان قادری ترابی نے اراکین مرکزی میلاد الائنس بے یوپی رہنما ملک محمد شکیل قاسمی، پاکستان اسلامک فورم کے رہنما ناصر حسین خان، انجمن نوجوانان اسلام سندھ کے جنرل سیکریٹری عبدالوحید یونس، بزم غلامان مصطفی پاکستان ٹرسٹ کے صدر صاحبزادہ محمد صادق قریشی و دیگر کے ہمراہ ضلع سینٹرل کے مختلف علاقوں کے دورے کے موقع پر کیا۔ انہوں نے کہا کہ کراچی کے عوام، جو بانیان پاکستان کی اولادیں ہیں، آج بنیادی سہولیات سے محروم ہو چکے ہیں اور ایسا محسوس ہوتا ہے کہ جیسے اس شہر کو نظر انداز کر دیا گیا ہو۔ انہوں نے سوال اٹھایا کہ کیا پاکستان بنانے کی سزا آج بانیان پاکستان کی اولادوں کو دی جا رہی ہے؟ ایک بین الاقوامی شہر ہونے کے باوجود یہاں کے باسی گیس، پانی اور بجلی جیسی بنیادی ضروریات کے لیے ترس رہے ہیں، جو لمحہ فکریہ ہے۔ محمد سلیم خان قادری ترابی نے شہر کی ابتر انفراسٹرکچر صورتحال پر شدید تشویش کا اظہار کیا۔

اسلام انسان کی زندگی کے ہر شعبے کے لیے رہنمائی فراہم کرتا ہے، مفتی فیض

کراچی (پ۔ر) جماعت غوثیہ اہلسنت انٹرنیشنل کے چیئرمین مفتی ابوالحسن محمد فیض القادری نے کہا ہے کہ اسلام ایک مکمل اور جامع ضابطہ حیات ہے جو انسان کی زندگی کے ہر شعبے کے لیے رہنمائی فراہم کرتا ہے۔ اسلام صرف عبادات تک محدود نہیں بلکہ یہ عقائد، اخلاقیات، معاشرت، معیشت اور عدل و انصاف پر مبنی ایک مکمل نظام پیش کرتا ہے۔

بزرگانِ دین نے برصغیر میں اسلام کے فروغ میں اہم کردار ادا کیا، صوفی ارشد کاظمی

کراچی (پ۔ر) تحریک اہلسنت پاکستان صوبہ سندھ کے صدر صوفی سید ارشد علی شاہ کاظمی القادری نے کہا ہے کہ بزرگانِ دین نے برصغیر میں اسلام کے فروغ میں نہایت اہم اور تاریخی کردار ادا کیا۔ انہوں نے اپنی تعلیمات، اعلیٰ اخلاق، کردار اور روحانی فیض کے ذریعے لاکھوں انسانوں کے دلوں کو اسلام کی روشنی سے منور کیا۔

پاکستان زندہ باد
پرامن احتجاج
پرامن احتجاج
پاک فوج زندہ باد
برخلاف گیس مافیا اوران کے کرپٹ افسران کے خلاف پرامن احتجاج
19 اپریل 2026
بروز اتوار 3 بجے
منجانب: اہلیان UC چشمہ الیاس گوٹھ ابراہیم حیدری ڈسٹرکٹ ملیر کراچی۔

اہلیان یوسی چشمہ الیاس گوٹھ ابراہیم حیدری ملیر کے رہائشی اپنے مطالبات کے حق میں احتجاج کررہے ہیں

سندھ بھر سے

مہنگے یونیفارم مونوگرام والی درسی کتب خریدنے کے لیے والدین پر دباؤ

120 والی کاپی مونوگرام کے ساتھ 180 روپے میں مخصوص بک شاپ سے خریدیں

بھاری بھرکم فیسوں کے ساتھ اب مہنگے داموں مونوگرام والی درسی کتب اور کاپیاں خریدنا مجبوری بن گئی

میرپورخاص (بیورو رپورٹ) صوبائی وزیر تعلیم کے احکامات نظر انداز پرائیویٹ اسکولوں کی جانب سے مہنگے یونیفارم مونوگرام والی درسی کتب خریدنے کے لیے والدین پر دباؤ والدین نے اسکولوں کے خلاف کاروائی کا مطالبہ کردیا تفصیلات کے مطابق میرپورخاص میں پرائیویٹ اسکولوں کی جانب سے طلبہ و طالبات کے والدین پر وزیر تعلیم کے احکامات نظر انداز کرتے ہوئے منہ پسند کمیشن کے عوض مہنگے کتابیں یونیفارم اور مونو گرام والی کاپیوں کی فرمائشی پروگرام جاری وساری ہے زرائع کے مطابق والدین کی جانب سے شکایات درج کرائیں گئیں کے 120 والی کاپی مونوگرام کے ساتھ 180 روپے میں مخصوص بک شاپ سے خریدیں اور 200 والا رجسٹر اچھی کوالٹی کا مونوگرام کا 400 روپے کا خریدنا پڑ رہا ہے اس تمام صورتحال میں پرائیویٹ اسکولوں کے خلاف کوئی بھی کاروائی عمل میں نا آنا افسوس کی بات ہے والدین کا کہنا تھا کہ پرائیویٹ اسکولوں کی بھاری بھرکم فیسوں کے ساتھ اب مہنگے داموں مونو گرام والی درسی کتب اور کاپیاں خریدنا مجبوری بن گئی ہے ہر سال ایسے مخصوص اسکول اپنی من مانی جاری رکھتے ہیں زرائع کے مطابق مخصوص اسکولوں کے کورس کاپی اور دیگر یونیفارم فروخت کرنے والے دوکانداروں نے بتایا کہ ایسے اسکول 30 سے 40 فیصد کیمیشن وصول کرتے ہیں۔ جبکہ متعدد پرائیویٹ اسکول نے اپنی ہی دوکانداری سجالی ہے جہاں سے طلبہ وطالبات کو یونیفارم کاپی کتابیں خریدنے پر مجبور کیا جاتا اس حوالے سے جب اپسما کے ڈویژنل صدر فیصل خان زئی سے موقف لیا تو انکا کہنا تھا کہ ایسے پرائیویٹ اسکولوں کی نشاندہی کی جائے جو خلاف ورزی کررہے ہیں۔

ریٹائرڈ ہونے والے اساتذہ افتخار احمد اور منظور احمد کے اعزاز میں تقریب

میرپورخاص (بیورو چیف) ممتاز ماہر تعلیم اور میرپورخاص ضلع کے شہر ڈگری کے گورنمنٹ مین بوائز پرائمری اسکول کی ہیڈ اسماء سردار چوہدری کی جانب سے اسکول کے ریٹائرڈ ہونے والے دو اساتذہ افتخار احمد اور منظور احمد کے لئے شاندار الوداعی تقریب کا اہتمام کیا گیا۔ اساتذہ افتخار احمد اور منظور احمد کا بھرپور استقبال، پھول نچھاور کئے گئے۔ جبکہ تمام اساتذہ نے پھولوں کے ہار پہنائے اور اجرکوں کے تحفے پیش کئے۔ اسکول کی ہیڈ اسماء سردار نے اسکول کی جانب سے ریٹائرمنٹ لینے والے دونوں اساتذہ کو شیلڈز دیں۔

گھوٹکی: ایکسین سیپکو گھوٹکی فہیم احمد بلوچ کی نگرانی میں بجلی چوروں اور نادہندگان کے خلاف آپریشن کیا جارہا ہے

میرپورخاص میں مضر صحت اشیاء کی فروخت عروج پر

میرپورخاص (بیورو رپورٹ) میرپورخاص اور اس کے گرد و نواح کے چھوٹے بڑے شہروں قصبوں دیہاتوں اور گلی محلوں میں مضر صحت اشیاء کی فروخت کھلے عام جاری ہے جس کے باعث شہری کینسر سانس جلد الرجی معدہ دل اور جگر سمیت مختلف بیماریوں میں مبتلا ہو رہے ہیں اور ہر دوسرا شخص ان امراض کا شکار دکھائی دیتا ہے۔ ذرائع کے مطابق سندھ گورنمنٹ کے متعلقہ اداروں کے بعض افسران کی مبینہ کرپشن کے باعث غیر معیاری خوراک فروخت کرنے والوں کے حوصلے بلند ہو چکے ہیں اور وہ مبینہ طور پر منتھلی ادا کر کے بلاخوف وخطر شہریوں کی صحت سے کھیل رہے ہیں۔

بدین: حیسکو چیف فیض ڈاہری لوڈشیڈنگ فری کرنے کا اعلان کررہے ہیں

ڈپٹی کمشنر گھوٹکی کا عبداللطیف یونیورسٹی گھوٹکی کیمپس کا دورہ

گھوٹکی (پاکستان بلیٹن) ڈپٹی کمشنر گھوٹکی منظور احمد کنرانی نے شاہ عبداللطیف یونیورسٹی گھوٹکی کیمپس کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے مختلف شعبہ جات کا معائنہ کرتے ہوئے تعلیمی و انتظامی صورتحال کا جائزہ لیا اور کیمپس انتظامیہ سے تفصیلی بریفنگ حاصل کی۔ اس موقع پر شاہ عبداللطیف یونیورسٹی کیمپس گھوٹکی کے پرو وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر سید مقصود ضیا شاہ نے ڈپٹی کمشنر کو کیمپس میں جاری تعلیمی سرگرمیوں، سہولیات اور درپیش مسائل سے آگاہ کیا۔ دورے کے دوران ڈپٹی کمشنر منظور احمد کنرانی نے مختلف شعبوں کے طلبہ اور اساتذہ سے ملاقات کی اور ایک انٹرایکٹیو سیشن میں شرکت کی، جہاں انہوں نے طلبہ کے سوالات سنے اور انہیں تعلیمی و عملی زندگی سے متعلق مفید رہنمائی فراہم کی۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نے طلبہ کی کیریئر کاؤنسلنگ بھی کی اور کہا کہ نوجوان جدید تعلیم، مہارتوں اور مثبت سوچ کے ذریعے اپنے مستقبل کو روشن بنا سکتے ہیں۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ ضلع گھوٹکی میں یونیورسٹی کیمپس کے قیام سے ہزاروں نوجوان مستفید ہو رہے ہیں اور انہیں اپنے ہی ضلع میں اعلیٰ تعلیم کے مواقع میسر آ رہے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ سندھ حکومت کی جانب سے آئی بی اے کیمپس کی منظوری بھی دی جا چکی ہے۔

گھوٹکی میں سیپکو حکام کی جانب سے بجلی چوروں اور نادہندگان کے خلاف آپریشن

گھوٹکی (پاکستان بلیٹن) گھوٹکی میں سیپکو حکام کی جانب سے بجلی چوروں اور نادہندگان کے خلاف آپریشن، بقایاجات کی عدم ادائیگی پر متعدد غیر قانونی کنکشن منقطع، تاریں ضبط، صارفین کو بل ادائیگی کی ہدایات، تفصیلات کے مطابق ایکسین سیپکو گھوٹکی فہیم احمد بلوچ کی نگرانی میں لائن سپریڈنٹ خادم حسین ملک اور سیپکو عملے نے شاہی بازار فیڈر کے مختلف علاقوں میں بجلی چوروں اور نادہندگان کے خلاف آپریشن کیا۔ آپریشن کے دوران کئی غیر قانونی کنڈا کنکشن ختم کیے گئے جبکہ نادہندگان کے کنکشن منقطع کر کے انہیں فوری طور پر واجبات ادا کرنے کی ہدایات جاری کی گئیں۔ اس کے علاوہ کنڈا کنکشن میں استعمال ہونے والی تاریں بھی ضبط کر لی گئیں۔ اس موقع پر ایکسین فہیم احمد بلوچ نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ سیپکو چیف سکھر اعجاز احمد چنہ کی ہدایات پر بجلی چوری کے خاتمے اور ریکوری بہتر بنانے کے لیے روزانہ کی بنیاد پر کارروائیاں جاری ہیں۔

بدین: حیسکو کا بڑا اقدام، 50 واں فیڈر لوڈشیڈنگ فری قرار

بدین (بیورو رپورٹ) حیدرآباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (حیسکو) نے اپنے روشنیوں کے سفر کے تحت ایک اہم سنگِ میل حاصل کرتے ہوئے 50 واں فیڈر لوڈشیڈنگ فری کرنے کا اعلان کردیا ہے۔ اس سلسلے میں بدین شہر کے 11 کے وی پی اے ایف فیڈر کو زیرو لوڈشیڈنگ قرار دیا گیا ہے۔ فیڈر کو لوڈشیڈنگ فری کرنے کا باضابطہ اعلان حیسکو چیف فیض اللہ ڈاہری نے بدین جمخانہ میں منعقدہ ایک پروقار تقریب کے دوران کیا۔ اس موقع پر فیڈرز کو لوڈشیڈنگ فری کرنے کی گولڈن جوبلی مکمل ہونے پر کیک بھی کاٹا گیا تقریب سے خطاب کرتے ہوئے حیسکو چیف فیض اللہ ڈاہری نے کہا کہ آج بدین شہر میں روشنی کا ایک اہم باب شامل کیا گیا ہے، جہاں حیسکو کا 50 واں فیڈر لوڈشیڈنگ فری کیا گیا ہے، جو ادارے کی کارکردگی اور عزم کا واضح ثبوت ہے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ مالی سال کے دوران حیسکو کا ہدف 68 فیڈرز کو لوڈشیڈنگ فری کرنا ہے۔

معصوم بچہ نکاسی آب تالاب میں ڈوب کر جاں بحق

محراب پور (پاکستان بلیٹن) محکمہ بلدیہ کی نااہلی، معصوم بچہ نکاسی آب تالاب میں ڈوب کر جاں بحق، کروڑوں روپے کا ماہانہ فنڈ خرد برد ہو رہا ہے تحقیقات کی جائے، سول سوسائٹی کا مطالبہ، بھریا سٹی محکمہ بلدیہ کی نااہلی سے وارڈ نمبر 6 ملاح محلّہ میں اڑھائی سالہ معصوم بچہ زکریا خاص خیلی ولد راجا خاص خیلی گھر کے باہر کھیلتے ہوئے نکاسی آب پانی کے تالاب میں گر کر ڈوب گیا

بقیہ نمبر 01

زمینی، فضائی اور بحری حدود میں سیکیورٹی کے دفاع کو جاری رکھیں گے۔ امیر حاتمی نے مزید کہا کہ فوج، مسلح افواج کی دیگر شاخوں کے ساتھ مل کر، دشمنوں کا فیصلہ کن انداز میں مقابلہ کرنے کے لیے تیار ہے جبکہ اپنی عسکری صلاحیتوں میں مسلسل اضافہ بھی کر رہی ہے۔ ان کا یہ بھی کہنا تھا کہ ایرانی افواج قربانی اور جہاد کے جذبے سے سرشار ہیں اور انہوں نے اپنے مشن سے غیر متزلزل وابستگی کا عہد کر رکھا ہے۔ ایرانی آرمی چیف نے کہا کہ سپریم لیڈر مجتبی خامنہ ای کے پیغام نے فوجی جوانوں کے حوصلوں کو دوگنا بڑھا دیا ہے، ایرانی سرزمین کی آزادی کے تحفظ کے لیے تیار ہیں۔ ایرانی ایرواسپیس کمانڈر نے کہا کہ جنگ بندی کیدوران میزائل لانچرز کی تجدید کی رفتار پہلے کی نسبت زیادہ ہے۔

بقیہ نمبر 02

خطرے میں ہیں۔ جماعت اسلامی نے اختیارات سے بڑھ کر عوامی خدمت کی روایت قائم کی ہے اور گزشتہ ڈھائی سال میں 35 ہزار سے زائد مین ہول کور لگائے اور تقسیم کیے ہیں۔ کراچی کے ساڑھے تین کروڑ عوام شہر کی بہتری، اپنے بچوں کے محفوظ مستقبل اور کراچی کے حقوق کے حصول کے لیے جماعت اسلامی کا ساتھ دیں اور اس جدوجہد کا حصہ بنیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جماعت اسلامی ضلع غربی کے تحت اورنگی ٹاؤن بالمقابل زیڈ ایم سی آفس پر کھلے مین ہول کے حوالے سے اہم اقدام 1000 مین ہول کور کی مفت تقسیم کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تقریب سے امیر ضلع غربی مدثر حسین انصاری، نائب امیر ضلع خالد زمان، چیئرمین یوسی 4 عطائے ربی ودیگر نے بھی خطاب کیا۔ منعم ظفر خان نے مزید کہا کہ حالیہ برسوں میں درجنوں افراد کھلے مین ہول میں گر کر جاں بحق ہو چکے ہیں، جن میں بڑی تعداد بچوں کی ہے۔ یہ کوئی حادثات نہیں بلکہ حکومتی نااہلی کا نتیجہ ہیں۔ ہم اپنے بچوں کو یوں موت کے منہ میں نہیں جانے دیں گے، ان کی جانوں کا تحفظ ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ پیپلز پارٹی کی صوبائی حکومت اور کے ایم سی نے کراچی کے عوام کو بنیادی سہولیات سے محروم رکھا جا رہا ہے۔ پانی، ٹرانسپورٹ، صفائی، انفراسٹرکچر اور سیوریج کا نظام تباہ حال ہے۔ صرف رواں سال ٹریفک حادثات میں سینکڑوں افراد جاں بحق اور ہزاروں زخمی ہو چکے ہیں، جبکہ آوارہ کتوں کے کاٹنے کے ہزاروں واقعات رپورٹ ہوئے ہیں۔ یہ اعداد و شمار کسی اپوزیشن کے نہیں بلکہ سرکاری اداروں کے اپنے ہیں، جو حکومتی کارکردگی کا پول کھولنے کے لیے کافی ہیں۔ منعم ظفر خان نے کہا کہ کراچی کے عوام کو پانی کی شدید قلت کا سامنا ہے۔ اربوں روپے کے منصوبے بنانے کے دعوے کیے گئے مگر اورنگی ٹاؤن، مومن آباد، منگھوپیر اور دیگر علاقوں میں آج بھی لوگ پانی کی ایک ایک بوند کو ترس رہے ہیں۔ کئی علاقوں میں مہینوں نہیں بلکہ سالوں سے پانی کی فراہمی معطل ہے۔ سندھ سالڈ ویسٹ مینجمنٹ کے لیے بھاری بجٹ مختص ہونے کے باوجود شہر کچرے کا ڈھیر بن چکا ہے، جبکہ سڑکیں ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہیں اور سیوریج کا نظام مکمل طور پر ناکام ہو چکا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کراچی پاکستان کا معاشی انجن ہے، مگر یہاں کے شہری بنیادی حقوق سے محروم ہیں۔ وسائل پر قابض ٹولہ شہر کے حقوق پر ڈاکہ ڈال رہا ہے۔ جماعت اسلامی ہر سطح پر کراچی کے عوام کے حقوق کی جنگ لڑ رہی ہے، چاہے وہ عدالتیں ہوں، سڑکیں ہوں یا ایوان۔ ہم عوامی جدوجہد سے پیچھے نہیں ہٹیں گے اور کراچی کے عوام کو ان کا حق دلوا کر رہیں گے۔

بقیہ نمبر 03

ڈالر تک پہنچ چکا ہے۔ ادارہ شماریات کی رپورٹ کیمطابق رواں مالی سال درآمدات میں 6 اعشاریہ 8 نوفیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا، پہلے نو ماہ کے دوران درآمدات کا مجموعی حجم 50 ارب 65 کروڑ ڈالر تک پہنچ گیا۔ رپورٹ کیمطابق پاکستانی شہری جولائی سیمارچ کے دوران ایک سوسینتیس ارب روپے یعنی 48 ارب 49 لاکھ ڈالر کی چائے پی گئے، غذائی اشیا کی درآمد پندرہ فیصد بڑھی، دودھ، مکھن، خشک میوہ جات اور پام آئل کی امپورٹ میں اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ رپورٹ کیمطابق موبائل فونز کی درآمد میں 28 فیصد اضافہ ہوا، پاکستانیوں نے 9 مہینوں میں 406 ارب روپے سے زائد مالیت کیا سمارٹ فونز بیرون ملک سے منگوائے، ٹرانسپورٹ سیکٹر کی درآمدات میں 83 فیصد کا بڑا اضافہ دیکھا گیا، جس کا حجم 2 ارب 90 کروڑ ڈالر رہا۔ دوسری جانب پیٹرولیم مصنوعات اور ٹیکسٹائل کی درآمد میں کمی واقع ہوئی، پیٹرولیم مصنوعات کا درآمدی بل گیارہ ارب ڈالر جبکہ ٹیکسٹائل کا حجم چار ارب ستاسی کروڑ ڈالر رہا۔

بقیہ نمبر 04

پاکستان اور کویت کے درمیان مختلف شعبوں میں اشتراک عمل پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ گورنر سندھ نے قونصل جنرل سالم الحمدان کی سفارتی خدمات کو بھرپور انداز میں سراہا اور ان کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ مستقبل میں بھی دونوں ممالک کے درمیان دوطرفہ تعلقات کو مزید فروغ دیا جائے گا۔ کویتی قونصل جنرل سالم الحمدان نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ کویتی شاہی خاندان کراچی شہر سے دلی لگاؤ رکھتا ہے اور یہاں کے لوگ بہت مہمان نواز ہیں۔ انہوں نے مزید بتایا کہ کویتی سرمایہ کار سندھ، بالخصوص کراچی میں سرمایہ کاری کے وسیع مواقع میں گہری دلچسپی رکھتے ہیں اور یہاں کے تجارتی ماحول سے مطمئن ہیں۔ ملاقات کے اختتام پر دونوں رہنماؤں نے پاکستان اور کویت کے درمیان اقتصادی و تجارتی تعلقات کو نئی بلندیوں تک لے جانے کی ضرورت پر زور دیا تاکہ خطے میں خوشحالی اور معاشی استحکام کو یقینی بنایا جاسکے۔

بقیہ نمبر 05

استحکام اور متحد قیادت ہی پاکستان کو درپیش چیلنجز سے نکال سکتی ہے، عالمی سطح پر پاکستان کا کردار مزید مضبوط ہو رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک کو ڈیفالٹ سے بچانے میں سیاسی اور عسکری قیادت نے مشترکہ کردار ادا کیا، موجودہ حکومت اور اسٹیبلشمنٹ ایک پیج پر ہیں۔ ن لیگی رہنما نے مزید کہا کہ پاکستان اب عالمی سطح پر ایک موثر کردار ادا کر رہا ہے، بھارت کو پاکستان کی افواج نے بھرپور جواب دے کر اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوایا۔ ان کا یہ بھی کہنا تھا کہ آج پاکستان پوری دنیا کی ضرورت بن گیا ہے، افواج پاکستان نے 5 گنا بڑے دشمن کو شکست دی، پاک فضائیہ نے معرکہ حق میں دشمن کے 7 جہاز گرا کر بھارت کا غرور خاک میں ملا دیا۔

بقیہ نمبر 06

نئے خطرات کو جنم دیا ہے اور مجموعی معاشی منظرنامے میں غیر یقینی کیفیت میں اضافہ کیا ہے، تاہم ان ابھرتے ہوئے چیلنجز سے نمٹنے کے لیے معیشت گزشتہ بحرانی ادوار کے مقابلے میں بہتر حالت میں ہے۔ گورنر جمیل احمد نے یہ خیالات معروف عالمی مالیاتی اور سرمایہ کاری اداروں، جن میں جے پی مورگن، بارکلیز، سٹی بینک، جیفریز اور فرینکلن ٹیمپلٹن شامل ہیں، کے علاوہ بڑی کریڈٹ ریٹنگ ایجنسیوں فچ، موڈیز اور ایس اینڈ پی گلوبل کے سینئر عہدیداروں سے ملاقاتوں کے دوران ظاہر کیے۔

بقیہ نمبر 07

کی آمد و رفت بند ہوگئی ہے۔ اس حوالے سے ترجمان خاتم الانبیا سینٹرل کمانڈ کا کہنا ہے کہ آبنائے ہرمز سخت ایرانی کنٹرول میں ہے، آبنائے ہرمز کی سابقہ حالت میں کوئی تبدیلی نہیں ہوئی۔ دوسری جانب پاسداران انقلاب کا کہنا ہے کہ جب تک امریکا ایران سے آنے جانے والے جہازوں کی نقل وحرکت بحال نہیں کرتا آبنائے ہرمز سخت کنٹرول میں رہے گی۔

بقیہ نمبر 08

خارجہ اسحاق ڈار اور فیلڈ مارشل عاصم منیر ان کو دوبارہ بٹھا دیتے تھے۔ اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے لاہور میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پچھلی حکومت کی توجہ تعمیر اور ترقی پر نہیں تھی بلکہ خود پر تھی، نواز شریف، شہباز شریف اور وزیر اعلی پنجاب مریم نواز کا شکریہ ادا کرتا ہوں جنہوں نے میرے حلقے کے لیے 38 ارب روپے کے فنڈز جاری کیے اور مجھے لگتا ہے کہ اس سال کے آخر تک پورے پنجاب کی سڑکیں مکمل ہو جائیں گی۔ انہوں نے کہا کہ نیت ٹھیک ہو اور آپ کوشش کریں تو اللہ تعالی راستے بناتا ہے، پاکستان کی تقدیر 2022 سے بدلنا شروع ہوئی، 2022 میں پی ڈی ایم کی حکومت میں کوئی نہیں آنا چاہتا تھا، بہت مشکل حالات تھے، مہنگائی تھی مشکلات تھیں لیکن ہماری جماعت نے مشکل فیصلہ لے لیا اور وہیں سے نئی ٹیم کی بنیاد رکھی گئی اور ملک کو قدموں پر کھڑا کرنا شروع کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ وہی وقت تھا نئے سپہ سالار آئے، ہم کہتے ہیں نئے سپہ سالار کا نواز شریف کا فیصلہ بہترین تھا، نئی حکومت میں وزیر اعظم کے لیے پہلے سے زیادہ چیلنجز تھے۔ ایاز صادق نے کہا کہ مودی سمجھتے تھے کہ شہباز شریف پچھلے وزیر اعظم کی طرح کہیں گے کیا ہندوستان پر حملہ کردوں، پاکستان کی مرکزی قیادت نے بیٹھ کر ایک ہی فیصلہ کیا کہ پاکستان کی عزت بحال کرنی ہے، وزیر اعظم نے اس وقت دنیا کے تمام ممالک سے رابطہ کر کے کہا کہ آ ٹیم بنا کر انکوائری کروالو، اللہ تعالی نے ہمیں فتح دی۔ انہوں نے کہا کہ میری جن لوگوں سے ملاقات ہوئی سب بہت خوش ہیں، ہم روس، چین، امریکا اور ایران سے دوستی رکھتے ہیں، بھارت سے ہماری دوستی نہیں ہے۔

بقیہ نمبر 09

دیگر علاقوں میں لینڈ سلائیڈنگ کے متاثرین کی بحالی اور امداد کے اقدامات کا حکم دیتے ہوئے مری میں تین نئے ہاسپٹیلٹی زون قائم کرنے کی منظوری دی ہے۔ مری کے مضافاتی علاقے شوالا، سوزو اور برروری میں ہاسپٹیلٹی زون قائم ہوں گے، نئے ہاسپٹیلٹی زون میں نجی شعبے کے اشتراک سے 5 سٹار معیار کے ہوٹل بنائے جائیں گے جبکہ مری بحالی پراجیکٹ کے لئے ماہرین کی ٹیم تشکیل دینے کا فیصلہ بھی کیا گیا ہے تاہم مری ریچ بل روڈ اور دیگر کی دس فٹ توسیع کی جائے گی، ایک ماہ تک مری گلاس ٹرین پراجیکٹ کے تعمیراتی امور کے آغاز کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ خصوصی اجلاس میں مری میں تین نئے پارکس کے قیام کے پراجیکٹ اور مری تحفظ وبحالی پلان پر پیشرفت کا تفصیلی جائزہ بھی لیا گیا، انگوری روڈ پارک، ایم آئی ٹی پارک، اور ارباڑی پارک کوٹلی ستیاں پراجیکٹ پر تفصیلی بریفنگ بھی دی گئی۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ بانسرہ گلی میں زولوجیکل گارڈن، مری زولوجیکل گارڈن ایکوزون، برج کراسنگ اور سٹیٹ آف دی آرٹ کانفرنس روم قائم کیے گئے ہیں، وائلڈ لائف کے تحفظ کے لئے بیئر)ریچھ (ہاس، ٹائیگر ہاس، برڈ آئیوری، سیاحوں کی توجہ کا مرکز بنانے کے لیے چیوڑا ٹل پر مری کا پہلا سٹیٹ آف دی آرٹ گلیمپنگ پوڈ ویلج بھی قائم کیے گئے ہیں۔ اجلاس میں چیوڑا ٹل گلیمپنگ پوڈ ویلج کا انتظام وانصرام پرائیویٹ سیکٹر سپرد کرنے اور چیوڑا میں پیرا گلائیڈنگ کلب پراجیکٹ کی باقاعدہ منظوری بھی دی گئی، کوٹلی ستیاں چیئر لفٹ پراجیکٹ، پنجاب ہاس اور فارسٹ ریسٹ ہاس اور دیگر پراجیکٹ کا جائزہ لیا گیا۔ ضلع مری میں دریا جہلم سے بلک واٹر سپلائی سکیم کی فزیبلٹی رپورٹ کو 30 اپریل تک مکمل کرنے کا حکم دیا گیا اور پنجاب میں پہلا فیسلیٹی مینجمنٹ یونٹ قائم کرنے کی اصولی منظوری بھی دی گئی۔

بقیہ نمبر 10

صوبے بھر کے نجی اسکولوں کی حدود میں درسی کتب، یونیفارم اور اسٹیشنری کی فروخت پر مکمل پابندی عائد کر دی ہے۔ محکمہ تعلیم کے نوٹیفکیشن کے مطابق اسکولوں کو پابند کیا گیا ہے کہ وہ تعلیمی سال کے آغاز پر کتابوں اور اسٹیشنری کی مکمل فہرست فراہم کریں تاکہ والدین اپنی مرضی سے مارکیٹ سے سستی خریداری کرسکیں۔ اسکول کے مخصوص مونوگرام یا لوگو والی نوٹ بکس خریدنے کی شرط کو بھی غیر قانونی قرار دے دیا گیا ہے، اسکول کے اندر کسی بھی قسم کا اسٹال یا دکان لگا کر اشیا بیچنا اب قانونا جرم ہوگا۔

بقیہ نمبر 11

اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں وزیر منصوبہ بندی وترقیات وآبپاشی جام خان شورو، چیف سیکریٹری آصف حیدر شاہ، چیئرمین پی اینڈ ڈی نجم شاہ، سیکریٹری خزانہ فیاض جتوئی، وزیراعلی سندھ کے پرنسپل سیکریٹری آغا واصف اور دیگر اعلی حکام نے شرکت کی۔ اجلاس کو بریفنگ دیتے ہوئے وزیر برائے منصوبہ بندی وترقیات وآبپاشی جام خان شورو نے بتایا کہ حیدرآباد میونسپل کارپوریشن نے اس منصوبے کے لیے اے ڈی پی اسکیم کے تحت دیہہ جامشورو، تعلقہ قاسم آباد میں زمین کی الاٹمنٹ کی درخواست کی تھی۔ انہوں نے مزید کہا کہ ضلعی انتظامیہ نے گاں سری شیخ میں تقریبا 125 ایکڑ سرکاری زمین کی نشاندہی کی جا چکی ہے، جس میں سے 22 ایکڑ زمین A-1 کیٹیگری میں آتی ہے اور فوری استعمال کے لیے موزوں ہے۔ وزیراعلی سندھ نے حیدرآباد میونسپل کارپوریشن کے میئر کو 22.14 ایکڑ زمین الاٹ کرنے کی منظوری دے دی تاکہ واٹر ٹریٹمنٹ پلانٹ کی تعمیر جلد عمل میں لائی جاسکے۔ مرادعلی شاہ نے شہری پانی کے بنیادی ڈھانچے کی بہتری کی فوری ضرورت پر زور دیتے ہوئے متعلقہ حکام کو ہدایت دی کہ منصوبے کو بروقت مکمل کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ عوام کو صاف اور محفوظ پینے کے پانی کی فراہمی ہماری اولین ترجیحات میں سے ہے۔ حیدرآباد جیسے تیزی سے بڑھتے ہوئے شہری مراکز میں پانی کی فراہمی کے منصوبے کو بہت جلد تکمیل تک پہنچایا جائے گا۔ وزیراعلی سندھ نے مزید ہدایت دی کہ محکمہ منصوبہ بندی وترقیات اور مقامی حکام تمام قانونی اور انتظامی امور کو تیزی سے مکمل کریں تاکہ تعمیراتی کام تاخیر کا شکار نہ ہو۔ انہوں نے کہا کہ یہ منصوبہ صاف پانی کی فراہمی کی صلاحیت میں نمایاں اضافہ کرے گا اور قاسم آباد و ملحقہ علاقوں میں بڑھتی ہوئی طلب کو پورا کرنے میں مددگار ثابت ہوگا۔ یہ نہ صرف انفراسٹرکچر سرمایہ کاری کا ایک منصوبہ ہے بلکہ عوامی صحت، بہتر معیار زندگی اور پائیدار شہری ترقی میں سنگ میل کا حامل منصوبہ ہے۔ اجلاس کے اختتام پر وزیراعلی سندھ نے ہدایت کی کہ زمین کے استعمال میں شفافیت کو یقینی بنایا جائے اور منصوبے کی سخت نگرانی کی جائے تاکہ حیدرآباد کے شہریوں کو بروقت فائدہ پہنچایا جاسکے۔

بقیہ نمبر 12

اس تحریک کا جائزہ لیا گیا تو تنخواہوں میں اضافے کو آئین کے آرٹیکل 88 کی خلاف ورزی قرار دیا گیا، آرٹیکل 88 اور آرٹیکل 127 کے تحت اسمبلی کے اخراجات پر مالیاتی کمیٹی کا کنٹرول ہوگا۔ ذرائع نے بتایا کہ چونکہ تنخواہیں بھی مالیاتی امور کے زمرے میں آتی ہیں تو اسپیکر، ڈپٹی اسپیکر اور اراکین کی تنخواہیں اور الاؤنس بھی اسمبلی کے اخراجات میں شامل ہیں، مذکورہ آرٹیکل کے تحت تنخواہوں اور الاونس کی شرح کا تعین فنانس کمیٹی کرے گی۔ اس ضمن میں مزید بتایا گیا کہ مذکورہ نشان دہی کے بعد خیبرپختونخوا اسمبلی کے اسپیکر اور ڈپٹی اسپیکر کی تنخواہوں، مراعات اور استحقاق ایکٹ 1975 میں ترمیم تیار کرلی گئی ہے جو اسمبلی میں پیش کیا جائے گا۔ صوبائی حکومت کی مجوزہ ترمیم کے تحت تنخواہوں اور مراعات میں اضافے کا اختیار فنانس کمیٹی کے پاس ہوگا اور ایکٹ کی منظوری کے بعد اسے کابینہ میں منظوری کے لیے بھیجا جائے گا۔

بقیہ نمبر 13

کی قیمتوں میں بے تحاشا اضافہ، نوجوانوں کے لیے میرٹ پر روزگار کی عدم دستیابی، سندھ بھر میں خستہ حال انفراسٹرکچر، صحت وتعلیم کے تباہ حال نظام اور امن وامان کی بگڑتی صورتحال جیسے سنگین مسائل جنم نہ لیتے۔ انہوں نے مزید کہا کہ آٹا، چینی، گھی اور تیل جیسی بنیادی اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں مسلسل اضافہ عوام کی مشکلات میں اضافہ کر رہا ہے، جبکہ حکومت اپنی ناکامیوں پر پردہ ڈالنے کے لیے سیاسی مخالفین پر تنقید کا سہارا لے رہی ہے۔ ترجمان نے کہا کہ سندھ کے پانی کے معاملے پر پیپلز پارٹی کا کردار انتہائی افسوسناک ہے، جس سے ان کی سندھ دشمن پالیسی بے نقاب ہو چکی ہے، اور انہیں عوامی غیض و غضب کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ فنکشنل لیگ کی بڑھتی ہوئی عوامی مقبولیت سے پیپلز پارٹی بوکھلاہٹ کا شکار ہے، اور اسی کے نتیجے میں بے بنیاد الزامات عائد کیے جا رہے ہیں۔ مزید برآں، حکومت نے سیاسی مفادات کے تحت بے شمار اسپیشل اسسٹنٹس تعینات کر رکھے ہیں، جو محض اپنی نوکریاں بچانے کے لیے مخالفین پر تنقید میں مصروف ہیں۔ آخر میں ترجمان نے کہا کہ سندھ کے عوام باشعور ہو چکے ہیں اور وہ اب حقیقت کو اچھی طرح سمجھتے ہیں۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ حکومت الزام تراشی چھوڑ کر مہنگائی پر قابو پانے، روزگار کے مواقع فراہم کرنے، امن وامان بہتر بنانے اور عوام کو حقیقی ریلیف دینے پر فوری توجہ دے۔

بقیہ نمبر 14

کیا گیا، ملزمان نے زیادتی کی اور پھر صدر کے علاقے میں چھوڑ گئے۔ نور حرا کے مطابق تشدد سے آنکھ اور جسم پر گہرے زخم آئے۔ ایس ایس پی ویسٹ طارق الہی کے مطابق ملزمان نے خواجہ سرا کو مبینہ اجتماعی زیادتی کا نشانہ بنایا۔ طارق الہی نے بتایا کہ گرفتار کیے گئے ملزم سے اغوا میں استعمال ہونے والی گاڑی برآمد کرلی گئی ہے، ایف آئی آر میں متعدد ملزمان کے نام شامل ہیں، مزید تفتیش جاری ہے۔

بقیہ نمبر 15

اجازت نامے کے حج نہ کریں، بغیر اجازت نامے کے حج شرعی وقانونی طور پر جائز نہیں۔ حافظ طاہر محمود اشرفی نے کہا کہ روانگی سے قبل مکمل معلومات حاصل کریں تاکہ مناسک حج وعمرہ میں مشکلات پیش نہ آئیں، حجاج پر لازم ہے وہ ضابطہ اخلاق اور سعودی قوانین کی پاسداری کریں۔ انہوں نے کہا دوران حج سیاسی میدان لگانے کی نہ خود کوشش کریں نہ کسی بھی ایسی کوشش کا حصہ بنیں، حتی الامکان عبادت کی ویڈیو اور تصاویر سے بھی اجتناب کریں۔ حافظ طاہر محمود اشرفی نے کہا کہ حج اور عمرہ کا بنیادی مقصد ہی اپنی انا، تکبر کو قربان کرکے اللہ رب العزت کے سامنے اپنے آپ کو پیش کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایئرپورٹ پر روانگی میں ہونے والی تاخیر پر پریشان ہونے کی بجائے اللہ کا ذکر کریں۔ منی، عرفات، مزدلفہ آتے اور جاتے ہوئے گروپ لیڈر کی ہدایات پر واضح طور پر عمل کریں۔ حافظ طاہر محمود اشرفی نے کہا کہ مملکت سعودی عرب میں بھیک مانگنا اور منشیات لے جانا بہت بڑا جرم ہے۔

بقیہ نمبر 16

کو بدل دیتا ہے، جس کے باعث کراچی میں مون سون میں تبدیلیاں، درجہ حرارت میں اضافہ اور طوفان کے پیٹرنز تبدیل ہو جاتے ہیں۔ موسم کا احوال بتانے والے کہتے ہیں سپر النینو کی وجہ سے کراچی میں محسوس کیے جانے والا درجہ حرارت بھی بڑھ سکتا ہے۔ ڈپٹی ڈائریکٹر محکمہ موسمیات انجم ضیغم نے بتایا کہ اگست اور ستمبر میں النینو سپر النینو میں تبدیل ہو سکتا ہے جس سے نہ صرف رواں سال بلکہ 2027 میں خشک سالی اور شدید ہیٹ ویوز کا خطرہ بڑھ سکتا ہے۔

بقیہ نمبر 17

شروع ہو۔ سکیورٹی فورسز کئی عرصے سے بھارتی پراکسیوں کا سامنا کررہی ہیں، کچھ عناصر کی خواہش ہے کہ پاکستان میں امن قائم نہ ہو۔ ناصر حسین شاہ کا مزید کہنا تھا کہ سندھ بلوچستان بارڈر پر صورتحال پریشان کن تھی، ہماری پولیس اور دیگر اداروں نے ڈاکوں کے خلاف کارروائی کی، ڈرون کی وجہ سے ان علاقوں میں امن قائم ہوا۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ یہ جو لوگ ہتھیار ڈال رہے ہیں ان لوگوں کے پاس اب کوئی اور راستہ نہیں، امن کے لیے قبائل کی بیٹھک بہت ضروری ہے، سردار صاحبان کو کہا گیا کہ آپ اپنا کردار ادا کریں۔

بقیہ نمبر 18

کوئی کمی ہوگی، اس لیے ایسا رزلٹ رہا، میں نوجوان پلیئرز کے ساتھ اوپن کررہا تھا۔ راولپنڈیز کے کپتان نے مزید کہا کہ میں پوزیشن کے حوالے سے اپنی خواہش ضرور رکھتا ہوں لیکن ٹیم کا فیصلہ متفقہ ہوتا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ زمان خان انجرڈ ہوا، نسیم انجرڈ ہوا، دو غیر ملکی پلیئرز نہیں آئے، جب آپ ہارتے ہیں تو پازیٹو نکالنا مشکل ہو جاتا ہے، کچھ چیزیں کافی مثبت رہی ہیں، لیڈر کو ٹیم کے رزلٹ سے نہ پہچانیں۔ محمد رضوان نے یہ بھی کہا کہ ٹیم دیکھیں تو کہیں کوئی کمی نہیں لگ رہی لیکن قسمت ساتھ نہیں دے رہی، آپ بطور کپتان کوشش کرسکتے ہیں لیکن غلطیاں ہوں تو پھر کچھ نہیں ہوسکتا۔ انہوں نے کہا کہ بگ بیش میں کہا تھا کہ میری پرفارمنس پر پاکستان ٹیم میں جگہ نہیں بنتی، مجھ سے پرفارمنس نہیں ہوئی تو اس کا مطلب یہ نہیں کہ میں ہمت ہار جاوں۔ راولپنڈیز کے کپتان نے کہا کہ میرے لیے کرکٹ جنون ہے، مجھے اس کے سوا کچھ نہیں آتا، میں محنت کرکے واپس آوں گا۔

بقیہ نمبر 19

حاصل کی۔ ان کی دیگر نمایاں فلموں میں کوئی تجھ سا کہاں، زمین آسمان، جوڈر گیا وہ مرگیا، چور مچائے شور، ہاتھی میرے ساتھی اور نکاح شامل ہیں۔ ریما خان نے ایک پوڈکاسٹ میں اپنی فلم "مس استنبول" کی ایک ساتھی اداکارہ کو تھپڑ مارنے کا اعتراف کیا اور بتایا کہ میں ایک انٹروورٹ تھی اور صرف اپنے کام پر توجہ دیتی تھی، میں لڑائی جھگڑا کرنے والی نہیں تھی، لیکن ظاہر ہے جب آپ کی عمر 18 سے 25 سال کے درمیان ہو تو آپ آسانی سے مشتعل ہو سکتے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ جب ایک اداکارہ ساتھی نے میرے ساتھ بدتمیزی کی تو میں خود پر قابو نہ رکھ سکی اور اسے تھپڑ مار دیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ میں ایسی انسان ہوں جو گالی گلوچ نہیں کرتی، ہم اسلام آباد میں میڈم شمیم آرا کی فلم مس استنبول کی شوٹنگ کر رہے تھے، وہاں بہت لوگ موجود تھے، اس دوران ساتھی اداکارہ نے دو بار میرے ساتھ بدزبانی کی، مجھے نہیں معلوم کیا ہوا، میں نے سب کے سامنے اسے تھپڑ مار دیا۔ ریما نے بتایا کہ وہ ایک مشہور پاکستانی اداکارہ ہے اور آج بھی انڈسٹری میں کام کر رہی ہے، میں اس کا نام نہیں لوں گی لیکن مجھے اس پر افسوس ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ اب میں سوچتی ہوں کہ مجھے خود پر قابو رکھنا چاہئے تھا، میں دل سے اس کے لیے دعا کرتی ہوں، مجھے آج بھی اپنے اس عمل پر ندامت ہے، کاش میں خود کو روک لیتی۔

بقیہ نمبر 20

زی کی تقریب ضلع کونسل ہال میں منعقد ہوئی۔ تقریب کے مہمان خصوصی وفاقی وزیر برائے بحری امور چوہدری جنید انوار تھے، جبکہ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل ڈاکٹر طارق عثمان، ڈائریکٹر زراعت) آن فارم واٹر مینجمنٹ(چوہدری عاصم رفیق اور ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت شعیب منیر بھی اس موقع پر موجود تھے۔

بقیہ نمبر 21

فراہم کرنا ہے۔ ترجمان کے مطابق اس معاہدے کے تحت ایک مشترکہ فریم ورک قائم کیا گیا ہے جس کے ذریعے طلبہ اپنی تعلیم کا آغاز پاکستان میں کریں گے جبکہ ڈگری پروگرام کی تکمیل ملائیشیا میں کرسکیں گے۔ اس اقدام کا مقصد تعلیمی نقل وحرکت کو آسان بنانا اور طلبہ کو عالمی تعلیمی ماحول سے ہم آہنگ کرنا ہے۔ اعلامیے میں کہا گیا ہے کہ اس شراکت داری کے ذریعے طلبہ کو بین الاقوامی سطح پر تسلیم شدہ ڈگریاں حاصل کرنے، بہتر تعلیمی معیار سے استفادہ کرنے اور عالمی صنعتی تقاضوں کے مطابق تعلیم حاصل کرنے کے مواقع میسر آئیں گے۔ یہ پروگرام بیرون ملک تعلیم کے خواہشمند طلبہ کے لیے نسبتا کم لاگت کا متبادل بھی فراہم کرے گا۔ ایم او یو پر دستخط کی تقریب میں چانسلر انجینئر فرحت خان، وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر مسرور احمد شیخ، سینئر فیکلٹی اراکین اور یونیورسٹی کے انتظامی حکام نے شرکت کی۔ دونوں اداروں کے حکام نے اس موقع پر تعلیمی مواقع کو مزید وسعت دینے اور طلبہ کے لیے عالمی روابط کو فروغ دینے کے عزم کا اظہار کیا۔

بقیہ نمبر 22

لیے اکانٹ نمبر بھی فراہم کرتے تھے اور وصول شدہ رقم کو نکال کر صمد کاٹھیاواڑی گروہ کے کارندوں تک پہنچاتے تھے۔ گرفتار ملزمان بھتہ خور صمد کاٹھیاواڑی اور اسامہ بن جمیل کے کہنے پر کام کرتے تھے جو کہ بدنام زمانہ وصیع اللہ لاکھو گینگ سے منسلک ہیں۔ گرفتار ملزمان کے دیگر ساتھیوں کی گرفتاری کے لئے چھاپے مارے جا رہے ہیں جبکہ گرفتار ملزمان کو مزید قانونی کارروائی کے لیے ایس آئی یو کے حوالے کردیا گیا ہے۔

بقیہ نمبر 23

وزیر خارجہ نے مزید کہا کہ خطے کے کمزور ممالک اس فوجی اتحاد کو تشویش کی نظر سے دیکھ رہے ہیں۔ اسرائیل نے جنوبی قبرص کے ساتھ مسلم ممالک کے خلاف فوجی اتحاد بنایا ہے۔ ترکیہ ایسے اقدامات نہیں کررہا بلکہ خطے میں تنازعات ختم کرنے کی کوشش کررہا ہے۔

بقیہ نمبر 24

ملزمان نے ایک شہری کا تعاقب کیا اور اسے روک کر اسلحے کے زور پر نئی موٹر سائیکل اور نقد رقم چھین لی۔ واردات کے بعد ملزمان موقع سے فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے، جبکہ پولیس سی سی ٹی وی فوٹیج حاصل ہونے کے باوجود تاحال ملزمان کا سراغ لگانے میں ناکام رہی ہے۔ شہریوں نے بڑھتی ہوئی وارداتوں پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے فوری کارروائی کا مطالبہ کیا ہے۔

بقیہ نمبر 25

پورٹ پہنچ گیا ہے۔ شالامار جہاز یوایای سے خام تیل پاکستان لایا ہے۔ ایک روز قبل امریکی جریدے بلومبرگ نے دعوی کیا تھا کہ امریکی ناکہ بندی کے بعد خام مال کے ساتھ آبنائے ہرمز سے نکلنے والا یہ پہلا جہاز ہے۔ رپورٹ میں بتایا گیا تھا کہ پاکستانی جھنڈے والے آئل ٹینکر نے آبنائے ہرمز عبور کرلی ہے۔ یاد رہے کہ پاکستانی جھنڈے والا ٹینکر گزشتہ ہفتے کے آخر میں خلیج فارس میں داخل ہوا تھا۔

بقیہ نمبر 26

اپنے والد سید امین گیلانی کی شعر وشاعری طرز اسلوب کے امین تھے، میں خوش قسمت ہوں کہ مجھے ان کے والد کا دست شفقت نصیب ہوا۔ مولانا فضل الرحمان نے کہا کہ جب امین گیلانی گفتگو کے لئے سٹیج پر آتے تھے تو محسوس ہوتا جیسے کوئی درویش آ گیا ہے، انہوں نے پہلا شعر پڑھا تو پورے اجتماع پر روح پرور مناظر طاری ہوگئے۔ ان کا کہنا تھا کہ سید عطا اللہ شاہ بخاری کی وفات پر پنجاب اور ملتان میں ہر شخص 1961 میں کہہ رہا تھا کہ آج ہم یتیم ہوگئے، ختم نبوت کے تحفظ کے لئے ہمارے علمائے قربانیاں دیں، 1974 کی تحریک کا میں خود بھی حصہ رہا ہوں۔ سربراہ جے یو آئی نے کہا کہ میں نے ملتان میں ایک ہفتہ جیل بھی کاٹی، کمرہ کتابوں سے بھرا ہوتا تھا اور علما کی ایک بڑی تعداد کورٹ میں ہمارے ساتھ ہوتی تھی، پھر ہم نے عقیدہ ختم نبوت کا کیس جیت لیا۔ مولانا فضل الرحمان کا کہنا تھا کہ ختم نبوت کی دستاویز ہماری اسمبلی میں موجود ہے، جو لوگ اس دنیا سے جاچکے ان کا مشن ہم نے پورا کرنا ہے، پاکستان کلمے کے نام پر بنا مگر افسوس 78 سال بعد بھی اسلام کا نفاذ نہیں ہوسکا۔ انہوں نے مزید کہا کہ ہم لوگ آج بھی مغربی دنیا کے دبا میں ہیں، آئین پاکستان کہتا ہے ملک میں قانون سازی قرآن وسنت کے مطابق ہو، پاکستان ہمارا گھر ہے ہماری عزت ہے یہ کسی جاگیردار یا بیوروکریٹس کی ملکیت نہیں ہے۔

بقیہ نمبر 27

کی جب کہ خطے میں امن واستحکام کیلئے فوری مسائل کے حل پر بات چیت پر زور دیا۔ انہوں نے نے مسلسل مکالمے اور سفارتی روابط کی اہمیت اجاگر کی، پاکستان اور ایران کے وزرائے خارجہ کا قریبی رابطہ برقرار رکھنے پر اتفاق کیا گیا۔ واضح رہے مشرق وسطی میں کشیدگی کے بعد دونوں رہنماں میں کئی بار رابطہ ہوا جس میں نائب وزیراعظم اسحاق سفارت کاری کے ذریعے مسائل کے حل کی تجویز دے چکے ہیں۔

بقیہ نمبر 28

ہوا۔ انہوں نے کہا کہ عالمی سطح پر پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ ہوا، خطے میں امن کیلئے پاکستان نے بھرپور کردار ادا کیا، امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے وزیراعظم اور فیلڈ مارشل کی تعریف کی۔ وفاقی وزیر منصوبہ بندی کا کہنا تھا کہ ٹرمپ نے پاکستان، وزیراعظم اور فیلڈ مارشل کا شکریہ ادا کیا، خطے میں امن کے قیام کیلئے دنیا پاکستان کی کوششوں کی معترف ہے۔ احسن اقبال کا مزید کہنا تھا کہ معرکہ حق میں پاکستان کو عظیم فتح ملی، مسلح افواج نے بھارتی جارحیت کا منہ توڑ جواب دیا۔

بقیہ نمبر 29

میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ دوسری جانب پاکستان کے ترجمان دفتر خارجہ نے کہا کہ پولینڈ کے نائب وزرائے اعظم نے پاکستان اور پولینڈ کے تعلقات میں مثبت رفتار کو سراہا۔ نائب وزرائے اعظم نے باہمی دلچسپی کے شعبوں میں تعاون کو مزید مستحکم کرنے کے عزم کا اعادہ کیا۔ ترجمان نے کہا کہ نائب وزرائے اعظم کا موجودہ علاقائی اور عالمی مسائل پر بھی گہرائی سے تبادلہ خیال ہوا۔ پولینڈ کے نائب وزیراعظم نے ایران اور امریکا کے درمیان جنگ بندی میں سہولت فراہم کرنے میں پاکستان کی کوششوں کو سراہا۔

بقیہ نمبر 30

گے، ناجائز طور پر اقتدار حاصل کرنے والوں کے دن گنے جاچکے ہیں۔ بیرسٹر گوہر نے کہا کہ بانی کو ناحق جیل میں رکھا گیا ہے، بشری بی بی کا بھی توشہ خانہ کیس کے ساتھ کوئی تعلق نہیں، انہیں مناسب علاج کیلیے اسپتال منتقل کیا جائے۔ وزیراعلی خیبرپختونخوا سہیل آفریدی کا کہنا ہے کہ بانی پی ٹی آئی عمران خان کی پالیسی پر کل بھی کھڑا تھا آج بھی کھڑا ہوں، بانی کی ہدایات پر عمل کروں گا کسی کی خواہش پر نہیں۔ بانی پی ٹی آئی کی ہدایات کیمطابق تحریک چلائیں گے۔ مردان میں جلسے سے خطاب سہیل آفریدی نے عمران خان کو اسپتال منتقل کرنے، ذاتی معالج اور خاندان کے سامنے علاج کرانے کا مطالبہ کردیا۔ احتجاجا صوبائی اسمبلی کا اجلاس گرانڈ میں کرنے کا اعلان کردیا۔ وزیراعلی سہیل آفریدی نے کہا کہ ایران امریکا مذاکرات کا کریڈٹ پاکستان کو جاتا ہے۔ پی ٹی آئی ہمیشہ سے بات چیت کی حامی تھی۔

بقیہ نمبر 31

بنایا جائے۔" وزیرمملکت نے حکومتی پالیسیوں میں تسلسل اور معاشی استحکام پر زور دیتے ہوئے کہا کہ حکومت براہ راست ٹیکسوں کے دائرہ کار کو بڑھانے اور بالواسطہ ٹیکسوں کا بوجھ کم کرنے کے لیے پرعزم ہے۔ انہوں نے مزید بتایا کہ 2030 تک کسٹم ڈیوٹیز اور ریگولیٹری ڈیوٹیز کو بتدریج ختم کرنے کا پانچ سالہ منصوبہ فعال ہے، جس سے کاروبار کرنے میں آسانی (Ease of Doing Business) میں نمایاں بہتری آئے گی۔ روشن ڈیجیٹل اکانٹ (RDA) کی کامیابی کا ذکر کرتے ہوئے وزیرمملکت نے کہا کہ اس اکانٹ کے ذریعے 12 ارب ڈالر کی ترسیلات پاکستان آنا عوامی اعتماد کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ انہوں نے تاجر برادری کو اس محفوظ اور موثر مالیاتی نظام سے مکمل استفادہ کرنے کی ترغیب دی۔ خواتین تاجروں کی معاشی شمولیت کو یقینی بنانے کے لیے وزیرمملکت نے ایف بی آر میں خواتین کے لیے علیحدہ 'ویمن فیسلیٹیشن ڈیسک' کے قیام کی ہدایت دی۔ مزید برآں، ٹیکس دہندگان کی سہولت اور آگاہی کے لیے انہوں نے ایف بی آر حکام کو ہدایت کی کہ تمام چیمبرز کے ساتھ مل کر ماہانہ بنیادوں پر "ایف بی آر کچہری" کا انعقاد کیا جائے، تاکہ تاجروں کے مسائل کو فوری اور براہ راست حل کیا جا سکے۔ ملاقات میں شریک تاجر تنظیموں کے عہدیداران نے وزیرمملکت کی جانب سے بجٹ سازی کے عمل میں تاجر برادری کو شامل کرنے اور ان کے مسائل کو براہ راست سننے کے اقدام کو سراہا۔ شرکا نے حکومت کی جانب سے اعتماد سازی کی اس فضا کے قیام پر اطمینان کا اظہار کیا۔ وزیرمملکت نے تاجروں سے کہا کہ وہ اپنی تجاویز تحریری طور پر پیش کریں تاکہ انہیں بجٹ سازی کے عمل میں شامل کیا جاسکے۔ انہوں نے اس بات کا اعادہ کیا کہ حکومت تاجر برادری کو ملکی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت دیتی ہے اور ان کی ترقی ہی پاکستان کی ترقی ہے۔

بقیہ نمبر 32

وصول کردہ 180 ارب روپے کی پیٹرولیم لیوی کا پیٹرول کی اصل قیمت سے تعلق نہیں۔ امیر جماعت اسلامی نے مزید کہا کہ امیر وغریب پر ٹیکس کا یکساں بوجھ ڈالنا ظلم کی بدترین شکل ہے۔

بقیہ نمبر 33

کرسکتی ہے، جس سے سرمایہ کاروں کو شدید نقصان پہنچ سکتا ہے، لہذا بہت احتیاط کی ضرورت ہے۔ خصوصی گفتگو میں ایکسچینج کمپنیز ایسوسی ایشن آف پاکستان کے چیئرمین ملک بوستان نے ناظرین کو بہت اہم مشورے دیے۔ انہوں نے کہا کہ اگر کسی کے پاس چند ہزار روپے بھی ہوں تو وہ ایرانی کرنسی خرید کر بڑی رقم کا مالک بن سکتا ہے، انہوں نے بتایا کہ میری اپنی فیملی اور بچے بھی اس میں سرمایہ کاری کررہے ہیں اور محدود رقم سے بڑی مالیت کی غیرملکی کرنسی حاصل کی جاسکتی ہے۔ ملک بوستان نے بتایا کہ ایرانی کرنسی کی خرید وفروخت مکمل طور پر قسمت کا کھیل ہے، ایرانی حکومت کے لیے ضروری نہیں ہے کہ وہ مستقبل میں ان ہی کرنسی نوٹوں کو جاری رکھے، وہ انہیں منسوخ بھی کرسکتی ہے، جس سے سرمایہ کاروں کو شدید نقصان پہنچ سکتا ہے، لہذا بہت احتیاط کی ضرورت ہے۔ یاد رہے کہ بین الاقوامی پابندیوں اور معاشی غیر یقینی صورتحال کے پیش نظر اس طرح کی سرمایہ کاری کو انتہائی پرخطر قرار دیا جا رہا ہے۔ حالیہ ایران جنگ کے موقع پر پاکستانیوں کی بڑی تعداد ایرانی کرنسی اس امید پر خرید رہی ہے کہ جنگ کے خاتمے کے بعد ایران کے معاشی حالات کی ممکنہ بہتری کے ساتھ اس کی کرنسی کی قدر میں بھی اضافہ ہوگا۔ بعض افراد کی جانب سے یہ دعوی بھی سامنے آرہا ہے کہ ایرانی کرنسی خرید کر آسانی سے کروڑ پتی بنا جاسکتا ہے، تاہم ماہرین اس رجحان کو محض قیاس آرائی اور خطرناک سرمایہ کاری قرار دے رہے ہیں۔

بقیہ نمبر 34

نہ کریں۔ ادھر ڈپٹی کمشنر راولپنڈی کی جانب سے جاری اعلامیے کے مطابق شہر میں ہر قسم کی پرائیویٹ، پبلک اور گڈز ٹرانسپورٹ کو فوری طور پر معطل کردیا گیا ہے اور یہ پابندی تاحکم ثانی نافذ العمل رہے گی، شہریوں کو یقین دہانی کرائی گئی ہے کہ کسی بھی نئی پیش رفت سے بروقت آگاہ کیا جائے گا۔ ضلعی انتظامیہ کے مطابق یہ اقدامات موجودہ سکیورٹی صورتحال کے پیش نظر کیے گئے ہیں تاکہ امن وامان برقرار رکھا جا سکے، شہریوں سے غیر ضروری سفر سے گریز اور انتظامیہ سے تعاون کی اپیل کی گئی ہے۔ وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں بھی ضلعی انتظامیہ نے پبلک اور ہیوی ٹرانسپورٹ کو تاحکم ثانی معطل کرنے کا اعلان کیا ہے۔ حکام کے مطابق ان اقدامات کا مقصد شہریوں کی حفاظت کو یقینی بنانا اور کسی بھی ناخوشگوار واقعے سے بچنا ہے

بقیہ نمبر 35

موقف خطے میں امن، استحکام اور سلامتی کے تحفظ پر مبنی ہے، ہم جنگ بڑھانا نہیں چاہتے۔ ان کا کہنا تھا کہ ہم عزت کے ساتھ جنگ کا خاتمہ چاہتے ہیں، ہم نے جنگیں یا تنازعات شروع نہیں کیے، ہم کسی ملک پر حملہ کرنے کا ارادہ نہیں رکھتے، ہم اپنے دفاع کا قانونی اور جائز حق استعمال کر رہے ہیں۔ مسعود پزشکیان نے کہا کہ ٹرمپ کو کوئی حق نہیں کہ وہ عوام کو اس کے حقوق سے روکے، ٹرمپ کو حق نہیں کہ وہ کہے ایران اپنے جوہری حقوق سے فائدہ نہیں اٹھا سکتا۔ انہوں نے کہا کہ دشمن اپنے مقاصد حاصل کرنے میں ناکام رہا، دشمن نے انفراسٹرکچر، سکولوں اور ہسپتالوں پر حملے کیے، ایرانی تہذیب تباہ کرنے، اسے پتھر کے دور میں بھیجنے کے بیانات دشمن کے عزائم ظاہر کرتے ہیں۔

بقیہ نمبر 36

انقلاب نے اعلان کیا ہے کہ یہ آبی گزرگاہ ایران کے سخت کنٹرول میں ہے، اس پیشرفت کے بعد شپنگ کمپنیاں شدید تشویش میں مبتلا ہوگئی ہیں۔

بقیہ نمبر 37

قبول کرنے کا یہ آخری موقع ہے، اگر تہران نے معاہدہ نہ کیا تو پورا ملک تباہ کردیا جائے گا۔ امریکی صدر نے مزید کہا کہ وہ سابقہ صدر بارک اوباما کی طرح وہی غلطی نہیں کریں گے، جن کی انتظامیہ نے 2015 میں ایران کے ساتھ ایک جامع جوہری معاہدہ کیا تھا۔ ان کا یہ بھی کہنا تھا کہ اب مزید نرمی نہیں دکھائی جائے گی، وہ جلدی جھک جائیں گے، آسانی سے جھک جائیں گے۔ ٹرمپ نے کہا کہ اگر ایران نے معاہدہ قبول نہ کیا تو جو کچھ کرنا پڑا، وہ کرنا میرے لیے اعزاز ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ وہ کام پچھلے 47 سالوں میں دوسرے صدور کو ایران کے ساتھ کرنا چاہیے تھا، اب وقت آ گیا ہے کہ ایران کی کلنگ مشین کو ختم کیا جائے۔

بقیہ نمبر 38

۔ گورنر سندھ نے شجرہ صاحب کو گورنر ہاس آمد پر انکا استقبال کیا اور شکریہ ادا کرتے ہوئے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

بقیہ نمبر 39

بن کرابھر رہا ہے۔ اتوار کے روز ایک مقامی ٹی وی چینل سے خصوصی گفتگو میں مصطفی کمال نے کہا کہ معرکہ حق کے بعد پاکستان کی عالمی پہچان اور سفارتی حیثیت میں نمایاں اضافہ ہوا ہے اور یہ ملک کے لیے باعث فخر ہے کہ اس کی قیادت ایک بہادر رہنما جیسے فیلڈ مارشل عاصم منیر کے ہاتھ میں ہے۔ انہوں نے وزیراعظم کی حکمت عملی اور پالیسیوں کو بھی سراہتے ہوئے کہا کہ ان سے قومی استحکام مضبوط ہوا ہے اور پاکستان کا عالمی تشخص بہتر ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس مربوط قیادت نے عالمی چیلنجز کے باوجود ملک کو مثبت سمت میں گامزن کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کو عالمی سطح پر بھرپور پذیرائی مل رہی ہے اور وہ اقوام کے درمیان اقوام متحدہ جیسے ثالثی کردار کے ذریعے امن، مکالمے اور تعاون کو فروغ دے رہا ہے، پاکستان کی سفارتی کوششوں کو بین الاقوامی سطح پر تعمیری اور موثر قرار دیا جا رہا ہے۔ مصطفی کمال نے مزید کہا کہ پاکستان واحد ایسا ملک ہے جو عالمی سطح پر متوازن کردار ادا کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے اور چین، امریکہ، ایران اور سعودی عرب کے ساتھ مضبوط اور دوستانہ تعلقات برقرار رکھے ہوئے ہے، یہ منفرد سفارتی حیثیت پاکستان کی ساکھ اور عالمی اعتماد میں اضافے کی عکاسی کرتی ہے اور دیگر ممالک کے لیے ایک مثال ہے۔ انہوں نے اس کامیابی کو قومی فخر اور اللہ کی نعمت قرار دیتے ہوئے کہا کہ اس پر شکر ادا کرنا چاہیے اور اللہ تعالی کے حضور سجدہ ریز ہونا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان پر اقوام کا اعتماد ایک بڑا اعزاز ہے، جس پر پوری قوم کو شکرگزار ہونا چاہیے۔ امریکہ کے صدر ڈونلڈ جے ٹرمپ کے ممکنہ دورہ پاکستان سے متعلق سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ یہ ملک کے لیے بڑا اعزاز ہوگا اور اس طرح کا بیان مثبت پیش رفت کی عکاسی کرتا ہے۔ وفاقی نے کہا کہ اسی دوران بھارت اور اسرائیل کو مایوس کن نتائج کا سامنا کرنا پڑا اور دونوں ممالک کو مختلف محاذوں پر مشکلات پیش آئیں جس کا ان کی عالمی حیثیت پر منفی اثر پڑا ہے۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ پولیو مہم کا دوسرا مرحلہ کامیابی سے مکمل ہو چکا ہے جو موثر رابطہ کاری اور فیلڈ کوششوں کا مظہر ہے، بیماری کے مکمل خاتمے کے لیے عوامی تعاون ناگزیر ہے۔ انہوں نے والدین اور کمیونٹیز سے اپیل کی کہ وہ مہم کے باقی مراحل میں بھرپور تعاون کریں اور اس بات پر زور دیا کہ اجتماعی ذمہ داری اور مسلسل شرکت ہی پولیو سے پاک پاکستان کے خواب کو حقیقت بنا سکتی ہے۔

بقیہ نمبر 40

دعوی عوام کو گمراہ کرنے کی کوشش ہے، جماعت اسلامی ٹاؤنز میں اپنی کارکردگی پر توجہ دے۔ سعدیہ جاوید نے کہا کہ آپ کے ٹاؤنز میں کرپشن ہورہی ہے، جس کا جواب جماعت اسلامی کو دینا ہوگا، منعم ظفر کے دور نظامت میں جماعت اسلامی پر کرپشن کے الزامات کا سلسلہ شروع ہوا، میئر کراچی نے جماعت اسلامی کے ٹاؤن چیئرمینوں کی نااہلی کو بے نقاب کردیا ہے۔ ترجمان سندھ حکومت نے کہا کہ ماضی میں ایمانداری کا ڈھونگ رچانے والی جماعت اب خود کٹہرے میں ہے، سندھ حکومت اور بلدیہ عظمی کے کاموں سے جماعت اسلامی بوکھلاہٹ کا شکار ہے، لیاری سمیت کراچی کے تمام علاقوں میں پیپلز پارٹی کی کارکردگی واضح ہے۔ سعدیہ جاوید نے کہا کہ جھوٹے الزامات لگا کر سیاسی قد بڑھانے کی کوششیں اب کامیاب نہیں ہوں گی، منعم ظفر اپنی نااہلی چھپانے کے لیے پیپلز پارٹی پر انگلیاں اٹھا رہے ہیں، جماعت اسلامی کو عوام کی فکر ہے تو گمراہ کن بیانات کا سلسلہ بند کرے، جیالا میئر کراچی کی خدمت جاری رکھے گا اور نام نہاد ایمانداری کا چورن بند ہوگا۔

بقیہ نمبر 41

سے محروم رکھا جا رہا ہے، جبکہ شہری پانی اور گیس جیسی ضروری سہولتوں کے لیے شدید مشکلات کا سامنا کر رہے ہیں۔ منعم ظفر کے مطابق شہر کا انفراسٹرکچر انتہائی خراب حالت میں ہے، جو ناقابل قبول ہے اور اس میں فوری بہتری لانے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ موثر ٹرانسپورٹ کا نظام نہ ہونے کے باعث شہری روزمرہ زندگی میں شدید پریشانی کا شکار ہیں۔ پریس کانفرنس کے دوران انہوں نے 100 ملین گیلن پانی فراہمی کے دعوے کو بھی مسترد کرتے ہوئے اسے جھوٹ قرار دیا اور کہا کہ زمینی حقیقت اس کے برعکس ہے۔

بقیہ نمبر 42

جبکہ ماہانہ بنیادوں پر مارچ میں موبائل فونز کی درآمدات میں 4.26 فیصد کی کمی ریکارڈ کی گئی۔ اعداد و شمار میں یہ بھی بتایا گیا ہے کہ جولائی 2025 تا مارچ 2026 میں موبائل فونز کی درآمدات 406 ارب 38 کروڑ روپے رہیں۔ دستاویز کے مطابق گزشتہ سال اسی مدت میں موبائل فونز درآمدات 314 ارب 65 کروڑ روپے تھیں، مارچ 2026 میں پاکستان نے 41 ارب 70 کروڑ روپے کے موبائل فونز درآمد کیے جبکہ مارچ 2025 میں پاکستان نے 36 ارب 49 کروڑ روپکے موبائل فونز درآمد کیے تھے، فروری 2026 میں موبائل فونز کی درآمدات کا حجم 43 ارب 56 کروڑ روپے تھا۔

بقیہ نمبر 43

جعلی کالز اور ایس ایم ایس سے ہوشیار رہیں، اسکیمرز ان کی ذاتی معلومات چوری کرنے کیلیے خود کو پی ٹی اے، بینک یا کوریئر سروسز کا نمائندہ ظاہر کرتے ہیں۔ الرٹ میں کہا گیا کہ کبھی بھی اپنا شناختی کارڈ نمبر، او ٹی پی یا پاس ورڈ ہرگز کسی کے ساتھ شیئر نہ کریں اور نامعلوم یا مشکوک لنکس پر کلک نہ کریں۔

بقیہ نمبر 44

برعکس انڈیا کی سفارت کاری کو اس معاملے میں غیر فعال اور خاموش قرار دیا گیا۔ جریدے کے مطابق بھارتی وزیراعظم مودی نے امریکی صدر ٹرمپ سے زیادہ تر بات چیت تیل اور سپلائی کے نظام تک محدود رکھی، جبکہ پاکستان خطے میں امن کے قیام اور جنگ بندی کی کوششوں میں مصروف رہا۔ رپورٹ میں مزید کہا گیا ہے کہ ایران اور امریکا کے درمیان حالیہ جنگ کے آغاز کے بعد پاکستان مسلسل سفارتی رابطوں میں سرگرم رہا۔ پاکستان کی سیاسی اور عسکری قیادت نے دونوں ممالک کے اعلی حکام سے رابطے رکھ کر مذاکرات کو ممکن بنانے میں اہم کردار ادا کیا۔ عالمی سطح پر بھی پاکستان کی ان کوششوں کو سراہا گیا۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ اور ایران کے صدر مسعود پزشکیان سمیت مختلف عالمی رہنماں نے خطے میں امن کے لیے پاکستان کے کردار کو مثبت قرار دیا۔ ٹرمپ نے حالیہ دنوں میں کئی بار وزیراعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل عاصم منیر کی قیادت کو سراہا۔ دوسری جانب بھارت میں اپوزیشن رہنماں اور میڈیا کی جانب سے وزیراعظم نریندر مودی کو تنقید کا سامنا ہے جہاں ان کی خارجہ پالیسی کو موجودہ صورتحال میں غیر موثر قرار دیا جا رہا ہے۔ تجزیہ کاروں کے مطابق خطے میں بدلتی ہوئی سفارتی ترجیحات اور کردار عالمی طاقتوں کے تعلقات پر گہرے اثرات مرتب کر سکتے ہیں، اور پاکستان کا بڑھتا ہوا کردار مستقبل میں مزید اہمیت اختیار کرسکتا ہے۔

بقیہ نمبر 45

دوسرے ممالک آبنائے ہرمز سے گزر سکتے ہیں مگر ہم نہیں؟ یہ ناممکن ہے۔ ایک انٹرویو میں باقر قالیباف نے بتایا کہ امریکا سے مذاکرات میں پیش رفت ہوئی ہے، لیکن اب بھی بہت فاصلہ ہے، دشمن اپنے اہداف حاصل نہیں کرسکا تو وہ ناکام ہوگیا، دشمن سمجھتا تھا ایران 2 سے 3 روز میں ہتھیار ڈال دے گا، ہم نے 40 روز جنگ لڑی۔ انہوں نے کہا کہ دشمن سمجھتا تھا ایران بھی وینزویلا جیسا ہوگا، یہ بھی نہ ہوا، امریکا نے نیٹو کو شریک کرنے کی کوشش کی اس میں بھی کسی نے ساتھ نہیں دیا، جنگ میں دشمن کے 170 سے 180 ڈرونز نشانہ بنائے، امریکا کا ایف 35 لڑاکا طیارہ بھی نشانہ بنایا گیا جو معمولی بات نہیں۔ ڈاکٹر محمد باقر قالیباف کا کہنا تھا کہ ایران کی جنگی ٹیکنالوجی کی تفصیل میں نہیں جانا چاہتا مگر دشمن بات ضرور سمجھ گیا ہوگا، امریکی مائن سویپر اپنی موجودہ پوزیشن سے ایک انچ بھی آگے نہ بڑھیں، امریکی مائن سویپر آگے بڑھا تو ہم یقینی طور پر فائرنگ کریں گے۔ ایرانی سپیکر نے کہا کہ میں یہ بات امریکی وفد کو واضح طور پر بتا بھی چکا ہوں

بقیہ نمبر 46

سے ملتوی کیا۔ صوابی میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے سابق اسپیکر اسد قیصر کی امریکا اور ایران کے درمیان پاکستان میں ہونے والے مذاکرات خوش آئند ہیں، ہم نہیں چاہتے کہ پی ٹی آئی کو مورد الزام ٹھہرانے کیلئے حکومت کو کوئی وجہ ملے۔ ان کا کہنا تھا کہ جس طرح امریکا اور ایران کے درمیان امن کیلئے کوششیں کی جا رہی ہیں، اسی طرح اپنے پڑوسیوں کے ساتھ بھی بات چیت کرنی چاہیے۔

بقیہ نمبر 47

نے حکومت سندھ کے ورکس اینڈ سروسز محکمہ سے مطالبہ کیا ہے کہ فوری طور پر آفس کو محکمہ میں بحال کیا جائے جبکہ مقامی لوگوں نے خبردار کرتے ہوئے کہا ہے کہ اگر یہ مسئلہ حل نہیں ہوا تو سخت احتجاجی تحریک چلائی جائے گی۔

عالمی تجارت کو ایک اور خطرہ، حوثیوں کی باب المندب بند کرنے کی دھمکی

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ امن کے قیام میں رکاوٹیں ڈالنا بند کریں، نائب وزیر خارجہ حوثی حکومت۔ آبنائے ہرمز سخت ایرانی کنٹرول میں ہے، ترجمان خاتم الانبیا سینٹرل کمانڈ

باب المندب عالمی بحری تجارت کے لیے دنیا کی اہم ترین شاہراہوں میں سے ایک ہے جو خلیج عدن کو بحیرہ احمر سے ملانے والی اہم گزرگاہ ہے

صنعا(ویب ڈیسک) یمن کے حوثیوں نے آبنائے باب المندب بند کرنے کی دھمکی دے دی۔ اس حوالے سے صنعا میں حوثی حکومت کے نائب وزیر خارجہ نے کہا ہے کہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ امن کے قیام میں رکاوٹیں ڈالنا بند کریں، باب المندب عالمی بحری تجارت کے لیے دنیا کی اہم ترین شاہراہوں میں سے ایک ہے جو خلیج عدن کو بحیرہ احمر سے ملانے والی اہم گزرگاہ ہے۔ خلیجی ممالک سے یورپ اور ایشیا کو جانے والے تیل کا ایک بڑا حصہ اسی راستے سے گزرتا ہے، ایک محتاط اندازے کے مطابق عالمی سطح پر خام تیل کی کل سپلائی کا تقریباً 5 فیصد (تقریباً 40 لاکھ بیرل روزانہ) اسی گزرگاہ سے منتقل ہوتا ہے۔ باب المندب کو بند کر دیا جائے تو عالمی تجارت کا 10 فیصد حصہ رک جائے گا، یہ آبنائے بحیرہ احمر کا داخلی دروازہ ہے، جو آگے چل کر نہر سویز کے ذریعے یورپ اور ایشیا کے درمیان تیز رفتار اور سستی بحری تجارت کو ممکن بناتا ہے۔ یاد رہے کہ گزشتہ روز ایران نے آبنائے ہرمز دوبارہ بند کردی ہے۔ جس کے بعد تجارتی جہازوں کی آمد ....بقیہ صفحہ 3 نمبر7

امریکا-ایران مذاکرات: وفود چلے جاتے تھے مگر فیلڈ مارشل اور اسحاق ڈار بٹھا لیتے تھے، ایاز صادق

لاہور(ویب ڈیسک) قومی اسمبلی کے اسپیکر ایاز صادق نے کہا ہے کہ امریکا اور ایران کے درمیان مذاکرات کے دوران دونوں اطراف کے وفود گرما گرمی کے بعد چلے جاتے تھے لیکن نائب وزیراعظم اور وزیر ....بقیہ صفحہ 3 نمبر8

جعلی کالز اور ایس ایم ایس، پی ٹی اے نے شہریوں کو خبردار کردیا

اسلام آباد(ویب ڈیسک) پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی (پی ٹی اے) نے جعلی کالز اور ایس ایم ایس کے حوالے سے شہریوں کو خبردار کر دیا۔ پی ٹی اے کی جانب سے جاری اسکیم الرٹ میں شہریوں سے کہا گیا کہ وہ ....بقیہ صفحہ 3 نمبر43

پاکستان نے 9 ماہ میں 406 ارب کے موبائل فونز درآمد کر لیے

کراچی(ویب ڈیسک) پاکستان نے گزشتہ 9 ماہ میں 406 ارب 38 کروڑ روپے کے موبائل فونز درآمد کر لیے۔ ادارہ شماریات کے جاری کردہ اعداد و شمار کے مطابق رواں مالی سال کے پہلے 9 ماہ میں موبائل فونز کی درآمدات میں 29.15 فیصد کا اضافہ ہوا۔ دستاویز میں بتایا گیا ہے کہ مارچ 2026 میں سالانہ بنیادوں پر موبائل فونز کی درآمدات 14.28 فیصد بڑھ گئیں ....بقیہ صفحہ 3 نمبر42

پاکستان کی عالمی سفارتی کامیابیاں، امریکا کا بھارت پر اعتماد کم ہوتا جارہا ہے، عالمی جریدہ

اسلام آباد(ویب ڈیسک) بین الاقوامی جریدے ایشیا ٹائمز کی ایک حالیہ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ پاکستان کے ساتھ بہتر تعلقات کے بعد امریکا کے لیے بھارت پر اعتماد کرنا مشکل ہوتا جارہا ہے۔ رپورٹ کے مطابق پاکستان نے ایران اور امریکا کے درمیان حالیہ کشیدگی کے دوران اہم سفارتی کردار ادا کیا اور دونوں ممالک کے درمیان مذاکرات کو آگے بڑھانے میں کلیدی حیثیت اختیار کی۔ اس کے ....بقیہ صفحہ 3 نمبر44

حیدرآباد: حالی روڈ کے رہائشیوں کا غیر صفائی اور طویل بجلی کی لوڈشیڈنگ کے خلاف احتجاج

منعم ظفر کا شہر کی بنیادی سہولیات کی صورتحال پر شدید تشویش کا اظہار

کراچی(ویب ڈیسک) امیر جماعت اسلامی کراچی منعم ظفر خان نے شہر کی بنیادی سہولیات کی صورتحال پر شدید تشویش کا اظہار کیا ہے۔ کراچی میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ کراچی کے عوام کو بنیادی سہولیات ....بقیہ صفحہ 3 نمبر41

ترقیاتی کام نہ ہونے کا دعویٰ عوام کو گمراہ کرنے کی کوشش ہے، ترجمان سندھ حکومت

کراچی (ویب ڈیسک) سندھ حکومت کی ترجمان سعدیہ جاوید نے امیر جماعت اسلامی کراچی منعم ظفر خان کی حالیہ پریس کانفرنس کو سخت تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے اسے جھوٹ اور پروپیگنڈا پر مبنی قرار دے دیا۔ اتوار کو جاری بیان میں سعدیہ جاوید نے اپنے بیان میں کہا کہ منعم ظفر کی میڈیا ٹاک سراسر جھوٹ اور منفی پروپیگنڈے پر مبنی ہے، کراچی میں ترقیاتی کام نہ ہونے کا ....بقیہ صفحہ 3 نمبر40

چیف منسٹر پنجاب نیشنل میراتھن اور سائیکل ریس لاہور میں منعقد ہوئی

پاکستانی معیشت جنگی بحران سے نمٹنے کی بہتر صلاحیت رکھتی ہے، گورنر سٹیٹ بینک

مالی سال کے آغاز کے بعد پاکستان کے کلیدی معاشی اشاریے توقع سے زیادہ تیزی سے بہتر ہوئے ہیں،

واشنگٹن(ویب ڈیسک) گورنر سٹیٹ بینک آف پاکستان جمیل احمد نے کہا ہے کہ مشرق وسطیٰ میں جاری تنازع سے پیدا ہونے والے معاشی بحران سے نمٹنے کے لیے پاکستانی معیشت نسبتاً بہتر پوزیشن میں ہے۔ انہوں نے کہا کہ مالی سال کے آغاز کے بعد پاکستان کے کلیدی معاشی اشاریے توقع سے زیادہ تیزی سے بہتر ہوئے ہیں، اگرچہ مشرق وسطیٰ میں جاری تنازعات نے ....بقیہ صفحہ 3 نمبر6

سیاسی استحکام اور متحد قیادت ہی پاکستان کو درپیش چیلنجز سے نکال سکتی ہے، خواجہ سعد رفیق

لاہور(ویب ڈیسک) حکمران جماعت مسلم لیگ (ن) کے سینئر رہنما خواجہ سعد رفیق نے کہا ہے کہ وزیراعظم شہباز شریف نے ملک کو ڈیفالٹ سے بچایا۔ آج پاکستان پوری دنیا کی ضرورت بن گیا ہے۔ لاہور میں تقریب سے خطاب میں خواجہ سعد رفیق نے کہا کہ سیاسی ....بقیہ صفحہ 3 نمبر5



ہماری فوج کی انگلیاں ٹریگر پر ہیں

ایرانی آرمی چیف

ایرانی افواج قربانی اور جہاد کے جذبے سے سرشار ہیں اور انہوں نے اپنے مشن سے غیر متزلزل وابستگی کا عہد کر رکھا ہے

ملک کی خودمختاری، علاقائی سالمیت اور زمینی، فضائی اور بحری حدود میں سیکیورٹی کے دفاع کو جاری رکھیں گے، ایرانی آرمی چیف امیر حاتمی

تہران (ویب ڈیسک) ایرانی آرمی چیف امیر حاتمی نے کہا ہے کہ ہماری فوج کی انگلیاں ٹریگر پر ہیں، محاذ آرائی اور قربانیاں دینے کیلئے تیار ہیں۔ ایک بیان میں ایرانی آرمی چیف نے کہا کہ ایران کی افواج آخری سانس تک دشمن کا مقابلہ کریں گی، ہر محاذ پر قومی خودمختاری اور سلامتی کے دفاع کے لیے پرعزم ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وہ ملک کی خود مختاری، علاقائی سالمیت اور ....بقیہ صفحہ 3 نمبر1

مخصوص دکانوں سے کتابیں، یونیفارم اور اسٹیشنری کی فروخت پر پابندی

کراچی(ویب ڈیسک) نجی اسکولوں میں پڑھنے والے طلبا کے والدین کو بڑا ریلیف مل گیا، اسکول انتظامیہ اب والدین کو کسی مخصوص دکان یا وینڈر سے خریداری کرنے پر مجبور نہیں کر سکے گی۔ محکمہ تعلیم و خواندگی سندھ نے ....بقیہ صفحہ 3 نمبر10

جماعت اسلامی کے تحت اورنگی ٹاؤن میں 1000 مین ہول کور کی تقسیم

کراچی میں کھلے مین ہول شہریوں، خصوصاً معصوم بچوں کے لیے موت کا جال بن چکے ہیں، منعم ظفر

کراچی(ویب ڈیسک) امیر جماعت اسلامی کراچی منعم ظفر خان نے کہا ہے کہ کراچی میں کھلے مین ہول شہریوں، خصوصاً معصوم بچوں کے لیے موت کا جال بن چکے ہیں، اور جماعت اسلامی نے اپنی ذمہ داری محسوس کرتے ہوئے ضلع غربی اورنگی ٹاؤن میں 1000 مین ہول کور مفت تقسیم کرنے کا عملی اقدام اٹھایا ہے۔ یہ کام دراصل کراچی میونسپل کارپوریشن اور متعلقہ اداروں کی ذمہ داری تھی، مگر بدقسمتی سے نااہلی، کرپشن اور مجرمانہ غفلت کے باعث شہریوں کی جانیں مسلسل ....بقیہ صفحہ 3 نمبر2

تجارتی خسارہ 23 فیصد اضافے سے تقریباً 28 ارب ڈالر تک پہنچ گیا

کراچی (این این آئی) رواں مالی سال تجارتی خسارہ 23 فیصد اضافے سے تقریباً 28 ارب ڈالر تک پہنچ گیا۔ وفاقی ادارہ شماریات کی رپورٹ کے مطابق تجارتی خسارے میں 30 فیصد اضافہ دیکھا گیا جو تقریباً اٹھائیس ارب ....بقیہ صفحہ 3 نمبر3

نواز شریف اور مریم کی زیرصدارت اجلاس، سیاحتی منصوبوں کی منظوری

پنجاب میں پہلا فیسلیٹی مینجمنٹ یونٹ قائم کرنے کی اصولی منظوری بھی دی گئی

مری(ویب ڈیسک) پاکستان مسلم لیگ ن کے صدر محمد نواز شریف اور وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کی زیرصدارت اجلاس میں کوٹلی ستیاں میں سکائی گلاس برج پراجیکٹ کی اصولی منظوری دیدی گئی۔ اجلاس میں مری میں لینڈ سلائیڈنگ کے سدباب کے لئے عالمی ماہرین کی خدمات حاصل کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے، جبکہ مڈ فلو ڈاؤن ہل لائٹ کے سدباب کے لئے فوری اقدامات کی ہدایت بھی کی گئی ہے۔ وزیراعلیٰ پنجاب نے چنا موڑ، دریا گلی، بانسرہ گلی، نمل جھیکا گلی اور ....بقیہ صفحہ 3 نمبر9

کراچی کے سی ویو بیچ پر شہری سی شیل ہوم ڈیکور کی خریداری سے لطف اندوز ہوتے ہیں

گورنر سندھ نہال ہاشمی سے کویتی قونصل جنرل کی الوداعی ملاقات

ملاقات کے دوران پاکستان اور کویت کے درمیان مختلف شعبوں میں اشتراکِ عمل پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا

کراچی(ویب ڈیسک) گورنر سندھ سید محمد نہال ہاشمی سے کویت کے قونصل جنرل سالم الحمدان نے گورنر ہاؤس کراچی میں الوداعی ملاقات کی، جس میں دونوں ممالک کے درمیان برادرانہ تعلقات اور باہمی تعاون کو مزید مستحکم کرنے پر اتفاق کیا گیا۔ ملاقات کے دوران ....بقیہ صفحہ 3 نمبر4

کراچی فیکٹری گودام میں آگ بھڑک اٹھی، فائر بریگیڈ کے اہلکار سائٹ ایریا میں ریسکیو آپریشن کررہے ہیں

خیبرپختونخوا اسمبلی کے اسپیکر، ڈپٹی اسپیکر وارکین کی تنخواہوں میں اضافے کا فیصلہ

ایکٹ کی صوبائی اسمبلی سے منظوری کے بعد اسے کابینہ میں سمری منظوری کے لیے بھیجا جائے گا، ذرائع

پشاور(ویب ڈیسک) خیبرپختونخوا اسمبلی کے اسپیکر، ڈپٹی اسپیکر اور ارکان اسمبلی کی تنخواہوں میں اضافہ کا فیصلہ فنانس کمیٹی کی سمری منظوری کے بغیر کرنے کے اقدام کو آئین سے متصادم قرار دینے کے بعد ترمیمی ایکٹ تیار کرلیا گیا جو آج اسمبلی میں پیش کیا جائے گا۔ نجی ٹی وی کے مطابق خیبرپختونخوا اسمبلی کے اسپیکر، ڈپٹی اسپیکر اور ارکان اسمبلی کی تنخواہوں میں اضافہ ایکٹ کے ذریعے کیا جاتا تھا اور اس کی منظوری ایوان سے لی جاتی تھی۔ ذرائع نے اس حوالے سے بتایا کہ جب ....بقیہ صفحہ 3 نمبر12

عوام کو صاف پانی کی فراہمی اولین ترجیحات ہیں

وزیراعلیٰ سندھ

وزیراعلیٰ سندھ نے 6 ایم جی ڈی ریپڈ گریویٹی واٹر ٹریٹمنٹ پلانٹ کی تعمیر کیلئے 22 ایکڑ سے زائد سرکاری زمین کی الاٹمنٹ کی منظوری دیدی

حیدرآباد جیسے تیزی سے بڑھتے ہوئے شہری مراکز میں پانی کی فراہمی کے منصوبے کو بہت جلد تکمیل تک پہنچایا جائے گا، سید مراد علی شاہ

کراچی(اسٹاف رپورٹر) وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے حیدرآباد میں 6 ایم جی ڈی ریپڈ گریویٹی واٹر ٹریٹمنٹ پلانٹ کی تعمیر کے لیے 22 ایکڑ سے زائد سرکاری زمین کی الاٹمنٹ کی منظوری دے دی، جس کا مقصد قاسم آباد اور ملحقہ علاقوں میں بڑھتی ہوئی پانی کی ضروریات کو پورا کرنا اور فراہمی کو بہتر بنانا ہے۔ یہ فیصلہ انہوں نے وزیراعلیٰ ہاؤس میں منعقدہ ایک ....بقیہ صفحہ 3 نمبر11

کراچی، شہری موٹر سائیکل اور نقدی سے محروم، ویڈیو سامنے آگئی

کراچی (ویب ڈیسک) کراچی کے علاقے پی آئی بی تھانے کی حدود میں اسٹریٹ کرائم کی واردات پیش آئی، گزشتہ شب ہونے والے واقعے کی سی سی ٹی وی فوٹیج منظر عام پر آ گئی۔ فوٹیج کے مطابق موٹر سائیکل پر سوار تین ....بقیہ صفحہ 3 نمبر24

ایرانی کرنسی کی خرید وفروخت مکمل طور پر قسمت کا کھیل ہے، ملک بوستان

کراچی (ویب ڈیسک) ایکسچینج کمپنیز ایسوسی ایشن آف پاکستان کے چیئرمین ملک بوستان نے کہا ہے کہ ایرانی کرنسی کی خرید وفروخت مکمل طور پر قسمت کا کھیل ہے، ایران حکومت کے لیے ضروری نہیں ہے کہ وہ مستقبل میں ان ہی کرنسی نوٹوں کو جاری رکھے، وہ انہیں منسوخ بھی ....بقیہ صفحہ 3 نمبر33

"ماہی گیر کراچی کے سی ویو بیچ پر گرمیوں کی شدت کے درمیان شکار کررہے ہیں

ترکیہ اپنی حفاظت کی مکمل صلاحیت رکھتا ہے، ہاکان فیدان

اسرائیل، یونان اور قبرص نے مسلم ممالک کیخلاف اتحاد بنالیا ہے، ترک وزیر

انقرہ(ویب ڈیسک) ترک وزیرخارجہ نے کہا ہے کہ اسرائیل، قبرص اور یونان کا اتحاد خطے کے لیے تشویش کا باعث ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق ترک وزیرخارجہ ہاکان فیدان نے کہا یہ صرف ترکیہ ہی نہیں بلکہ خطے کے تمام مسلم ممالک کے لیے بھی باعث فکر ہے۔ اسرائیل کی توسیع پسندانہ اور جارحانہ پالیسیوں پر سوالات اٹھ رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ترکیہ بلاوجہ خدشات پیدا نہیں کر رہا بلکہ زمینی حقائق موجود ہیں۔ ترکیہ اپنی حفاظت کی مکمل صلاحیت رکھتا ہے۔ وزیر ....بقیہ صفحہ 3 نمبر23

پاکستان زندہ باد
پرامن احتجاج
پرامن احتجاج
پاک فوج زندہ باد
برخلاف گیس مافیہ اوران کے کرپٹ افسران کے خلاف پرامن احتجاج
19 اپریل 2026
بروز اتوار 3 بجے

کراچی پریس کلب پر الیاس گوٹھ رہائشیوں نے طویل سوئی گیس لوڈشیڈنگ کے خلاف احتجاج کیا

شدید گرمی سے بچنے کے لیے لاہور میں جلو موڑ کے قریب نہر پر شہریوں کا رش

عوام دشمن پالیسیوں کی مکمل ذمہ داری پیپلز پارٹی پر عائد ہوتی ہے، فنکشنل لیگ

پیپلز پارٹی عوامی مسائل سے توجہ ہٹانے کے لیے محض الزامات کی سیاست کررہی ہے، ترجمان

کراچی(ویب ڈیسک) پاکستان مسلم لیگ فنکشنل سندھ کے ترجمان نے پیپلز پارٹی کے حالیہ بیان پر سخت ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی عوامی مسائل سے توجہ ہٹانے کے لیے محض الزامات کی سیاست کررہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حقیقت یہ ہے کہ کرپشن، مہنگائی اور عوام دشمن پالیسیوں کی مکمل ذمہ داری پیپلز پارٹی پر عائد ہوتی ہے، جبکہ سندھ کے عوام آج شدید مہنگائی، بے روزگاری اور معاشی دباؤ کا سامنا کر رہے ہیں۔ ترجمان نے کہا کہ اگر حکومت واقعی سنجیدہ ہوتی تو ادویات ....بقیہ صفحہ 3 نمبر13

نیو کراچی میں بھتہ خوری میں ملوث 3 ملزمان گرفتار

ملزمان بھتہ خور صمد کاٹھیاواڑی اور اسامہ بن جمیل کے کہنے پر کام کرتے تھے

کراچی (ویب ڈیسک) سندھ رینجرز نے نیو کراچی میں کارروائی کرتے ہوئے بھتہ خوری میں ملوث 3 ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق سندھ رینجرز نے خفیہ معلومات کی بنیاد پر نیو کراچی میں کارروائی کرتے ہوئے بھتہ خوری میں ملوث 3 ملزمان حماد پنجی ولد رفیق، شہزاد پنجی ولد غلام حسین اور سعد ولد رمضانی کو گرفتار کرلیا۔ ترجمان سندھ رینجرز کے مطابق گرفتار ملزمان کا تعلق صمد کاٹھیاواڑی گروہ سے ہے۔ گرفتار ملزمان بھتہ وصولی کرنے کے ساتھ ساتھ بھتہ وصولی کے ....بقیہ صفحہ 3 نمبر22

نذیر حسین یونیورسٹی اور ملائیشیا کی لنکن یونیورسٹی کالج میں معاہدہ

کراچی(ویب ڈیسک) نذیر حسین یونیورسٹی نے ملائیشیا کی لنکن یونیورسٹی کالج کے ساتھ مفاہمتی یادداشت (ایم او یو) پر دستخط کر دیے ہیں، جس کا مقصد تعلیمی تعاون کو فروغ دینا اور طلبہ کو بین الاقوامی معیار کی تعلیم تک رسائی ....بقیہ صفحہ 3 نمبر21

کسان دوست ویژن کے تحت جدید زرعی مشینری کی فراہمی

ٹوبہ ٹیک سنگھ(ویب ڈیسک) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے کسان دوست ویژن کے تحت جدید زرعی مشینری کی فراہمی کا عمل جاری ہے۔ اسی سلسلے میں ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ میں سبسڈی پر لیزر لینڈ لیولرز کی فراہمی کیلئے قرعہ اندازی ....بقیہ صفحہ 3 نمبر20

عازمین، سعودی وزارت حج وعمرہ کے جاری ضابطہ اخلاق پر مکمل عمل کریں، طاہر محمود اشرفی

مملکت سعودی عرب میں بھیک مانگنا اور منشیات لے جانا بہت بڑا جرم ہے

لاہور(ویب ڈیسک) چیئرمین پاکستان علما کونسل حافظ طاہر محمود اشرفی نے کہا ہے عازمین حج سعودی عرب کی وزارت حج وعمرہ کے جاری ضابطہ اخلاق پر عمل کریں۔ لاہور پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا سعودی عرب میں رہنے والے بغیر ....بقیہ صفحہ 3 نمبر15

کراچی: خواجہ سرا پر تشدد اور اجتماعی زیادتی کا مقدمہ درج

کراچی (ویب ڈیسک) کراچی میں خواجہ سرا پر تشدد اور اغوا کا مقدمہ تھانہ اقبال مارکیٹ میں درج کرکے ایک ملزم کو گرفتار کرلیا گیا ہے۔ خواجہ سرا انور حرا کے مطابق 13 اپریل کو اورنگی ٹاؤن میں فنکشن سے واپسی پر گاڑی روک کر اغوا ....بقیہ صفحہ 3 نمبر14

سپر النینو نے پاکستان سمیت دنیا بھر کے لیے خطرے کی گھنٹی بجادی

کراچی(ویب ڈیسک) سپر النینو نے پاکستان سمیت دنیا بھر کے لیے خطرے کی گھنٹی بجادی ہے۔ ماہرین کے مطابق رواں سال ملک کو سپر النینو کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ بحرالکاہل کے پانی کا غیر معمولی حد تک گرم ہونا موسم کے نظام ....بقیہ صفحہ 3 نمبر16

راولپنڈیز کی مسلسل ساتویں شکست، یقینی طور پر میری طرف سے کوئی کمی ہوگی، رضوان

Bank Alfalah
pepsi

کراچی(ویب ڈیسک) پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) فرنچائز راولپنڈیز کے کپتان محمد رضوان نے کہا ہے کہ جب آپ ہارتے ہیں تو پازیٹو نکالنا مشکل ہوجاتا ہے۔ لاہور قلندرز کے خلاف میچ میں شکست کے بعد میڈیا سے گفتگو میں محمد رضوان نے کہا کہ میری پرفارمنس اچھی نہیں تھی اس لئے ٹیم کا رزلٹ ایسا تھا۔ انہوں نے کہا کہ یقینی طور پر میری طرف سے ....بقیہ صفحہ 3 نمبر18

کچھ عناصر کی خواہش ہے پاکستان میں امن قائم نہ ہو

ناصر حسین شاہ

ہماری پولیس اور دیگر اداروں نے ڈاکوؤں کے خلاف کارروائی کی، سندھ بلوچستان بارڈر پر صورتحال پریشان کن تھی، میڈیا سے گفتگو

ہماری کوشش ہے کہ یہ پائپ لائن کا کام دوبارہ شروع ہو، کچھ انٹرنیشنل پریشر کی وجہ سے گیس پائپ لائن رکی رہی، وزیر بلدیات سندھ

سکھر (ویب ڈیسک) وزیر بلدیات سندھ ناصر حسین شاہ نے کہا ہے کہ کچھ عناصر کی خواہش ہے کہ پاکستان میں امن قائم نہ ہو۔ سکھر پریس کلب میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے ناصر حسین کا کہنا تھا کہ صدر مملکت آصف علی زرداری نے سی پیک کی بنیاد رکھی۔ انہوں نے کہا کہ کچھ انٹرنیشنل پریشر کی وجہ سے گیس پائپ لائن رکی رہی، ہماری کوشش ہے کہ یہ پائپ لائن کا کام دوبارہ ....بقیہ صفحہ 3 نمبر17

نامور اداکارہ ریما خان نے معروف پاکستانی اداکارہ کو تھپڑ مارنے کا اعتراف کرلیا

کراچی(ویب ڈیسک) نامور اداکارہ ریما خان نے معروف پاکستانی اداکارہ کو تھپڑ مارنے کا اعتراف کرلیا۔ ریما خان ایک معروف پاکستانی اداکارہ، ڈائریکٹر اور پروڈیوسر ہیں، وہ پاکستان کی مقبول ترین اداکاراں میں شمار ہوتی تھیں اور اپنی خوبصورتی اور سٹارڈم کی وجہ سے بے حد پسند کی جاتی تھیں۔ ریما خان نے اپنے کیریئر کا آغاز فلم بلندی سے کیا اور شہرت ....بقیہ صفحہ 3 نمبر19